ہومیو پیتھی سے شفایاب کیسز

مصنف

ڈاکٹر ٹی پی چٹر جی

ترجمہ و تلخیص

ڈاکٹر عابد علی

ایم ایس سی، ڈی ایچ ایم ایس

ایم ڈی ، پی جی ڈی کمپیوٹر

پی ایچ ڈی فیلو

H/DR. S. M. ZAFFAR
B.Sc. D.H.M.S. R.H.M.P.
Ex- Lecturer G.H.M. College

پاک ہومیو ٹریڈرز
ہومیو سٹور اینڈ کلینک کچہری روڈ ملتان فون: 587555

کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت اس کتاب کے جملہ حقوق
بحقِ ناشر محفوظ ہیں۔

اشاعتِ اول ۲۰۰۳ء
تعداد .... ایک ہزار
کمپوزنگ .... درّانی کمپیوٹرز اینڈ کمپوزر حیدری
قیمت .... 70 روپے

اسٹاکسٹ

ھانیمن بک ھاؤس اینڈ فارمیسی
کنیز اسکوائر، ناظم آباد، نمبر ۷، کراچی۔
فون۔ ۶۶۱۴۰۳۰

رحیم ہومیو پیتھک اسٹور
لاہور آرٹ پریس بلڈنگ
نیو انارکلی لاہور۔

Scanned by CamScanner

فہرست

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

FOREWARD

مجھے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ میں ڈاکٹر چٹر جی کی کتاب "مائی میموایبل کیورز" پر چند سطر میں لکھ رہا ہوں۔ یہ صحیح ہے کہ میں نے ان کے لیکچرز میں شرکت کی ہے۔ لیکن میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ ان کے یادگار شفایاب کیسز کی قیمتی معلومات اس کتابچے کی شکل میں ہومیو پیتھک برادری کو دستیاب ہو جائینگی۔

ڈاکٹر ٹی پی چٹر جی اپنی زندگی کے اسی ویں سال میں ہیں۔ کلکتہ یونیورسٹی سے اکنامکس میں ایم۔اے حساب میں ماسٹرز اور میڈلیسٹ ہیں۔ آپ نے ایل ایل بی کی ٹریننگ بھی مکمل کی تھی۔ لیکن فائنل امتحان میں شریک نہ ہو سکے۔ آپ مرکزی حکومت میں ملازم تھے اور نئی دہلی میں سیکریٹریٹ کے بہت سینیئر آفیسر کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے۔

1930 میں ان کے دو رشتے کے بھائی پیچش کی وجہ سے بستر مرگ پر پڑے ہوئے تھے اس وقت آپ نے ہومیو پیتھی کے جادوئی اثر کا کمال دیکھا جس سے دونوں بھائی بالکل ٹھیک ہو گئے اس سے پہلے وہ ہر طرح کا علاج کروا چکے تھے۔ اس واقعے نے ان پر گہرا اثر چھوڑا جس کے بعد وہ ہومیو پیتھی کے شاگرد بن گئے۔ اور احتیاط کے ساتھ ہومیو پیتھی کی کتابیں اور جرنلز کا مطالعہ کرنے لگے اس کے علاوہ اپنی کلینکل معلومات بڑھانے کے لیئے اہم ایلو پیتھک کتابوں اور جرنلز اور فارما کوپیا کا مطالعہ بھی جاری رکھا اس لیے ان کی تحریر میں اس کا عکس نظر آتا ہے وہ اپنے تجربات اور اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر رجسٹرڈ پریکٹشنر بن گئے۔

اس سے پہلے انھوں نے دو بہت قیمتی کتابیں تحریر کی ہیں۔

1. Fundamentals of Homeopathy

2. Valuable Hints for Practice and Highlights of

   Homee -Practice.

جوان کی قابلیت کی آئینہ دار ہیں۔اور واضع کلینیکل گہرائی رکھتی ہیں۔جس کا ہومیو پیتھک پیشے نے اعتراف کیا ہے۔موجودہ کتاب میں 26 کیسز کو بیان کیا گیا ہے۔جن میں مختلف انوع کلینکل حالتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔جیسے:

Paralysis, Osteo-arthritis,drug addiction. asthma, chronic Ulcer, migraine.

اسکے علاوہ گائنا کولوجی حالتوں پر جیسے:

Ovarian cysts. Lumps in breast, prolapsed Uterus, after effects of M T P. etc

اوران جیسے دوسرے مشکل کیسز جن میں Obsessive neurosis شامل ہیں۔

اس کتاب کی ترتیب وپیش کش میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ تمام کیسز میں نہ صرف کلاسیکی ہومیو پیتھی علاج اپنایا گیا ہے۔ بلکہ کیس کی تفصیلات ترتیب وار اور متعلقہ سرخیوں کے ساتھ رکھی گئی ہیں۔ جن میں مرض کی شکایت ظاہری معلومات ،معائنہ ،نسخہ، پس منظر،میازم،ایلو پیتھک تشخیص۔کلینکل اور پیتھالوجیکل تفصیلات اور مزید تجزیے کے لیے ہدایات ،استعمال کردہ پوٹینسی اور وقت کے ساتھ کیس میں ہونے والی تبدیلیاں درج کی گئی ہیں۔

Scanned by CamScanner

یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ڈاکٹر چٹرجی اپنے تجربات پر مبنی بائیو کیمک ادویہ اور مدر ٹنکچرز کا استعمال بھی کرتے ہیں۔ غذا پر بھی ہدایات دیتے ہیں۔ مریض کی ذہنی علامات بہت واضح بیان کرتے ہیں۔ پڑھنے والے اس کتاب کو نظر انداز نہیں کر سکتے جس میں قابل بھروسہ اور واضع تفصیلات ریکارڈ کی گئی ہیں۔ آج کل کے زمانے میں ایسا بہت کم ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ ڈیٹا دستیاب نہیں ہوتا بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ آج کل ڈاکٹر صاحبان مریض کی تمام تفصیلات جمع کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتے ہیں۔ کیونکہ وہ اپنا علم دوسرے تک پہنچانا نہیں چاہتے۔ جس کے نتیجے میں ہومیو پیتھی پر موجود لٹریچر صرف اور صرف غیر میڈیکل پریکٹشنر کے ہاتھوں تیار ہوا ہے۔ ان میں اکثر ہومیو ڈاکٹرز کا تعلق دوسرے پروفیشن سے ہوتا ہے لیکن ہومیو پیتھی میں بڑی دلچسپی اور توجہ کے ساتھ تحقیق کرتے ہیں۔

ہومیو پیتھی کے اولین سند یافتہ ڈاکٹرز نے بھی اضافی تعلیم حاصل کی تھی جیسے ڈاکٹر کینٹ ایم ڈی ہونے کے ساتھ ایم اے بھی تھے اسطرح بوہنگ گاسن بھی ایک تربیت یافتہ وکیل تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ کتاب ان زیر تربیت ڈاکٹروں کو اعتماد فراہم کرے گی جو ٹریننگ کے بعد بھی اس قابل نہیں ہوتے کہ ہومیو پیتھک اصولوں کے مطابق احتیاط سے علامات ریکارڈ کریں اور نسخہ تجویز کر سکیں۔ یہ کتاب ان ڈاکٹرز کے یقین کی پختگی میں اضافہ کرے گی جو پہلے ہی ہومیو پیتھک اصولوں پر دوا تجویز کرتے ہیں۔

18-12-1987
B-1/24, Malviya Naygar
New Delhi - 110017
H.L.Chitkara
B.A.(Hons) D.H.S.
Ex-Editor,

The Homeopathic Sandesh
Ex-Chief Editors,
The Jounal of the Homeopathic
Medical Association of India
Resident Editors,
The Homeopathic Heritage

Scanned by CamScanner

PREFACE

چند سال پہلے میرے محترم دوست اور ساتھی دہلی کے مشہور ڈاکٹر ایچ ایل چنکارا بی اے آنرز ڈی ایچ ایس نے مجھے نئے ہومیو پیتھک ڈاکٹروں سے میرے یادگار شفایاب مریضوں کے متعلق گفتگو کے لئے مدعو کیا۔ میں نے اس گفتگو میں اپنے تجربات بیان کیے ۔اس کتاب کی تکمیل کے پیچھے ڈاکٹر ایچ ایل چنکارا کی کاوشیں شامل ہیں۔ میں نے پچھلے کئی سالوں کے شفایاب مریضوں میں سے انتخاب کیا اور اس کتاب میں شامل کر دیا ہے۔

اس کتاب کے مسودے کی تیاری بہت قلیل عرصے میں ہوئی ہے۔ میرے ساتھ

Mr. N. Srinivasan BSc (Engg)

Mr. Aloke Mukerjee (M.A)

Mr. Rohini Grewal and Mrs. Bhavani Singh.

نے بھی بہت محنت کی ہے۔ میں احترام کے ساتھ ڈاکٹر ایچ ایل چنکارا کا شکرگزار ہوں۔ کتاب میں شامل cases کے علاج کے بارے میں مناسب تفصیلات دی گئی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ یہ معلومات ہومیو پیتھی سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے کارآمد ثابت ہوں گی۔

7th October, 1987

T.P. Chatterjee
A-9/8, Vasant Vihar,
New Delhi 110057

Scanned by CamScanner

پیرالائیٹک اسٹروک

PARALYTIC STROKE

فالج:

ساٹھ سالہ غیر شادی شدہ خاتون۔

ٹی وی دیکھتے ہوئے اچانک جسم کے دائیں حصے میں فالج کا اثر محسوس ہوا۔ اس سے پہلے سے وہ دل کی مریضہ ہیں اور ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ فالج کے حملے کے بعد ان کا بلڈ پریشر بڑھ گیا۔ جس کے بعد انھیں ضروری ہدایات کے ساتھ ہسپتال سے رخصت کر دیا گیا۔ ہدایات میں ورزشیں اور درج ذیل ادویہ تجویز کی گئیں:

- Lanoxin
- Persantin
- Disprin
- Lasix

یہ ادویہ وہ کافی عرصے سے استعمال کر رہی ہیں۔

Scanned by CamScanner

معائنہ

» دائیں ہاتھ کی کلائی سے لے کر انگلیوں تک حرکت نہیں دے سکتیں باقی ہاتھ اور ٹانگوں کو بہ آسانی حرکت دے سکتی ہیں، لیکن دائیں ہاتھ کو اوپر نہیں اٹھا سکتیں۔
» زبان پر اثر ہوا ہے جس سے بولنے میں فرق پڑا ہے۔
» آواز صحیح ہے۔
» زبان تھوڑی سی دائیں جانب مُڑی ہوئی ہے۔
» زبان کو اٹھا نہیں سکتیں۔
» زبان باہر نکال سکتی ہیں۔
» ایسے الفاظ ادا کر سکتی ہیں جن میں زبان کا استعمال نہیں ہوتا۔
» سماعت، حرکت، بھوک اور پیشاب پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔
» چہرے پر جھریاں پڑ گئی ہیں اور جسم کی جلد ڈھیلی ہو گئی ہے جس کی وجہ سے عمر سے زیادہ نظر آ رہی ہیں۔
ڈاکٹر کی تجویز کردہ دوائیں جاری ہیں۔

ہومیو پیتھک نسخہ:

1۔ کاسٹیکم 200 2 گلوبیولز

دن میں تین مرتبہ پانچ دن تک ہومیو ادویہ کے استعمال سے دو گھنٹے پہلے اور دو گھنٹے بعد تک کوئی اور دوا نہ لی جائے۔

2۔ کریمیکس 2x

گرم پانی میں 3 قطرے دن میں تین بار

3۔ ورزشیں بھی تجویز کی گئیں

زبان کے دائیں طرف ٹیڑھے پن میں کافی بہتری آئی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دماغ کے بائیں حصے پر ہونے والے اثرات میں کمی آئی ہے۔

» اب کچھ الفاظ ادا کر سکتی ہیں اگرچہ بہت واضع نہیں ہیں اس لئے زبان کی ورزش ضروری ہے۔ اپنی اس تکلیف میں بہتری سے وہ بہت خوش ہیں۔ اس کا اظہار انھوں نے گانا گا کر کیا۔

نسخہ:

» کاسٹیکم 1M ایک بار

» سلیشیا سات دن تک۔

تجویز برائے ورزش:

» ایسے الفاظ ادا کرنے کی کوشش کریں جن سے زبان کو حرکت دینا پڑے۔

» پکڑنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیئے کسی سخت چیز کو پکڑیں۔

» اپنی انگلیوں کو بغیر کسی مدد کے حرکت دینے کی کوشش کریں۔

6 دن بعد:

» بہتری جاری ہے۔اب مزید الفاظ ادا کر سکتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

نسخہ:

» میگنیشیا فاس 6x دن گیارہ بجے

» کالی فاس 6x رات 9 بجے

4 گولیاں نیم گرم پانی میں حل کر کے سات روز تک استعمال کریں۔

9 دن بعد:

» بہتری برقرار رہی۔ اب زبان بالکل سیدھی ہے بولنے میں بہتری ہے۔ گزشتہ نسخہ مزید ایک ماہ تک جاری رکھنے کی ہدایات۔

ایک ماہ بعد:

» بہتری ہوئی ہے، لیکن کچھ کمی کے ساتھ۔

» کچھ تکلیف کے ساتھ مزید الفاظ ادا کر سکتی ہیں۔

نئی علامات یہ ہیں:

» کبھی کبھی سینے میں تپکن یا گرمی کا احساس

» سر میں دائیں جانب درد

» درد بازو سے شروع ہو کر پیچھے کی جانب جاتا ہے۔ ساتھ میں دائیں کلائی، ہتھیلی اور انگلیوں پر اثر کرتا ہے۔

» کلائی پر سوجن بھی ہے۔

» بائیں ٹانگ کی دائیں جانب گھٹنے سے نیچے ٹخنے تک درد ہوتا ہے۔ حرکت کرنے سے

Scanned by CamScanner

بڑھتا ہے۔ ٹھنڈک سے عصبی درد Arthralgia ہوتا ہے۔

نسخہ:

پلمم 30 تین خوراکیں

+

sl g bd

+

Mag Phos 6x چار گولیاں سات روز تک

+

پلمم 200 + Sl7 چار روز تک

ہاتھ پاؤں کو گرم کپڑے سے ڈھکے رکھیں۔

ایک ماہ بعد:

» کلائی کی سوجن ختم ہوگئی۔
» انگلیوں کو آہستہ سے حرکت دے سکتی ہیں۔
» لیٹ کر دائیں ہاتھ کو اوپر اٹھا سکتی ہیں۔
» بولنے میں بہتری آئی ہے۔ مزید نئے الفاظ ادا کر سکتی ہیں۔

نسخہ:

فائیو فاس 6x

Scanned by CamScanner

چار گولیاں 1/2 کپ گرم پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ پندرہ دن تک جاری رکھیں۔

ایک ماہ بعد:

» تھوڑی تکلیف کے ساتھ دائیں کلائی کو حرکت دے سکیں۔ سختی ابھی موجود ہے۔ اور بائیں ٹانگ میں درد بھی موجود ہے۔

نسخہ:

» رس ٹاکس 200 تین خوراکیں ساتھ میں Sl4 ایک پاوڈر روزانہ صبح سات بجے سات روز تک فائیو فاس 6x چار گولیاں روزانہ صبح گیارہ بجے اور شام سات بجے۔

20 دن بعد:

» دائیں کلائی کی سختی میں کمی آئی ہے۔
» بائیں ٹانگ کا درد ختم ہو گیا ہے۔
» وزن میں اضافہ ہوا ہے۔

نسخہ:

» رس ٹاکس 1M 2 گلوبیول کی تین خوراکیں ہر تین گھنٹے پر ایک دن کے لیے۔
» ساتھ میں Sl8 bd پانچ دن تک۔
» روزانہ ناشتے کے بعد Becosule کیپسول ایک ماہ تک۔

Scanned by CamScanner

ایک ماہ بعد:

» انگلیوں میں طاقت پیدا ہوئی ہے اور مزید حرکت کر سکتی ہیں۔ بولنے میں بہت بہتری آئی ہے۔ صرف چند الفاظ کی ادائیگی میں مشکل پیش آتی ہے۔ بار بار ادا کرنے سے مزید بہتری ہو جاتی ہے۔

خاتون دل کی پیدائشی تکلیف کے لیئے ایلوپیتھک ادویہ کا استعمال کر رہی تھیں، لیکن ہومیوپیتھک ادویہ کے استعمال سے انھوں نے بہت بہتری محسوس کی۔ اب وہ بول کر پڑھ لیتی ہیں، لکھ سکتی ہیں، اگرچہ تھوڑی مشکل ہوتی ہے۔ اس کیس میں مزید بہتری وقت کے ساتھ ہوتی رہے گی۔ آخر میں انکو کاسیکم 10M دو گلوبیولز کی تین خوراکیں ایک دن میں اور Sl8 bd مزید پانچ دن کے لیئے تجویز کیا گیا۔ اسکے بعد کیس بند کر دیا گیا اور حالت سے مطلع کرتے رہنے کی ہدایت کی گئی۔

گھٹنے کا درد

OSTEO-ARTHRITIS

OF KNEES

گھٹنے کا گٹھیا:

» پچاس سالہ شخص۔

» چھ ماہ سے زائد عرصے سے گھٹنے کے گٹھیا میں مبتلا ہیں۔

» تکلیف بائیں گھٹنے میں زیادہ ہے۔

» گھٹنے پر سوجن ہے۔

» لیٹے یا بیٹھے رہنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی ہے۔

» چلنے کے دوران، اونچی زمین کے لیے پاؤں اٹھانے سے تکلیف بڑھتی ہے، لیکن اگر صرف پاؤں کے انگوٹھے پر زور دے کر سیڑھیاں چڑھیں یا چلیں تو کوئی تکلیف نہیں ہوتی ہے۔

» ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے گھٹنے کی ہڈیاں آپس میں رگڑ رہی ہوں اور ٹکرانے یا ٹوٹنے جیسی آواز آتی ہے۔

Scanned by CamScanner

» کافی عرصہ پہلے گھٹنوں کی تکلیف ہوئی تھی لیکن بغیر علاج ٹھیک ہوگئی تھی۔اب چھ ماہ سے دوبارہ وہی تکلیف شروع ہوگئی ہے۔اس بار دائیں گھٹنے کی تکلیف خود بخود دور ہوگئی ہے۔لیکن بائیں گھٹنے کی تکلیف برقرار ہے۔

» ایک دن دفتر جانے کی جلدی میں 150 گز کے فاصلے تک دوڑ کر گئے تھے۔اس کے بعد سے بائیں گھٹنے میں رگڑ پیدا ہوئی اور شدید درد ہونے لگا۔

» جسم کے کسی اور جوڑ میں کوئی تکلیف نہیں ہے۔

» اس سے پہلے خاندان میں کسی کو گٹھیا یا جوڑوں کا درد نہیں ہوا۔

» 3 ماہ تک ہسپتال میں داخل رہے۔جہاں Xyloric تجویز کی گئی۔

» سیڑھیاں چڑھنے میں تکلیف ہوتی ہے۔

Synovitis + Hydrpexis + Crepitus + Cartilege grinding-ive

نسخہ:

Xyloric 1 tab t.i.d for 3 Wks.

» اسکے بعد چھ ہفتوں کے لیئے کھانے کے بعد

⇦ Idicin tid for 6 Wks.

⇦ Becosule 1 cap daily

» مندرجہ بالا ادویہ سے کوئی فرق نہیں ہوا اور بائیں گھٹنے میں تکلیف بڑھتی گئی۔اب درد کی وجہ سے چند گز کا فاصلہ بھی طے نہیں کر پا رہے ہیں۔ایلوپیتھک علاج مکمل طور پر ناکام ہو چکا تھا، کیونکہ یہ نہ تو گٹھیا تھا اور نہ نقرس Rheumatoid arthritis بلکہ یہ

Scanned by CamScanner

Osteo-arthritis کا کیس ہے جو خون کے تجزیے اور گھٹنے کی ایکس رے رپورٹ سے واضح ہوا۔ ایکس رے رپورٹ کے مطابق دونوں گھٹنوں کے Tibial Spines واضح ہیں۔ دونوں گھٹنوں میں پٹیلا ھڈی کے قریب Osteophytles موجود ہیں جبکہ بائیں گھٹنے میں کچھ ذرات (کرچیاں) بھی موجود ہیں۔ دونوں گھٹنوں کے جوڑوں کے درمیان فاصلہ نارمل ہے۔ بائیں گھٹنے میں ذرات کی موجودگی اس بات کا شک پیدا کر رہی ہے کہ پہلے کبھی چوٹ لگی ہے۔ لیکن مریض نے ایسا کوئی ذکر نہیں کیا۔ تاہم چوٹ کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مریض میں مزید علامات نہیں پائی گئیں سوائے اس کے کہ وہ مرض کی وجہ سے ذہنی تناؤ کا شکار رہتے ہیں۔

میازم:

» Psora- Syphilitic

» Syphylitic میازم زیادہ واضح ہے۔

مندرجہ بالا علامات کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل ادویہ تجویز کی گئیں۔

نسخہ:

» نکس وامیکا 200 آج رات سوتے وقت

» سلفر 200 کل صبح کے وقت۔

» Sl3 اور ارجنٹم میٹ 30 3 خوراکیں۔

» Sl7 bd سات روز تک

» فزیوتھراپی بند کر دیں۔ (اگر کر رہے ہوں)

Scanned by CamScanner

سات دن بعد:

- بہتر محسوس کر رہے ہیں۔
- بستر پر کروٹ بدلتے ہوئے گھٹنے بستر سے چھوتے ہی درد میں کمی محسوس ہوئی۔
- ابھی بھی Synovitis of Knee موجود ہے۔
- کچھ حد تک سوجن میں کمی آئی ہے۔

نسخہ:

- Sl14 bd سات روز تک۔

سات روز بعد:

- آرنیکا 1M تین خوراکیں ہر تیسرے گھنٹے پر۔
- برائیونیا 3x چھ دن تک۔
- کھانے میں سبزیوں کا استعمال۔
- بیگن، ٹماٹر، پیاز، ادرک، چکنائی اور دودھ سے پرہیز جبکہ دہی کا استعمال جاری رہے۔

مزید چھے روز بعد:

- دائیں گھٹنے میں واضح بہتری آئی ہے۔
- بائیں گھٹنے میں بہت کم بہتری ہوئی ہے۔
- دباؤ ڈالنے پر درد میں کمی ہوئی ہے۔
- اگلے سات روز تک برائیونیا 3x کا استعمال تجویز کیا گیا۔

Scanned by CamScanner

مزید سات روز بعد:

» دونوں ٹانگوں میں بہتری ہوئی ہے۔

» دائیں گھٹنے سے سوجن ختم ہوگئی ہے۔

» اور بائیں گھٹنے میں بہت کم سوجن رہ گئی ہے۔

» برائیونیا 3x کا استعمال مزید 25 روز کے لیئے تجویز کیا گیا۔

ایک ماہ بعد:

» واضح بہتری آئی ہے۔

» اب بہ آسانی چل سکتے ہیں لیکن ذرا تیز چلنے سے ہلکا سا درد محسوس ہوتا ہے۔

نسخہ:

» سلفر 200 ایک خوراک

» دو ہفتے کے لیے SI کا استعمال

دو ہفتے بعد:

» اورم میٹ 1M 2 گلوبیول ہر 3 گھنٹے پر ایک دن کے لیے

» SI دو ہفتے کے لیئے۔

دو ہفتے بعد:

» اورم میٹ کے استعمال کے فوری بعد بائیں گھٹنے کے درد میں اضافہ ہوگیا۔ لیکن

Scanned by CamScanner

دوسرے دن کمی آئی۔اس کے بعد بائیں گھٹنے میں کوئی درد نہیں ہوا۔

» پھر وہ سفر پر گئے بہت زیادہ چلنے کی وجہ سے بائیں گھٹنے میں دوبارہ درد ہو گیا۔ لیکن آرام کرنے پر درد دور ہو گیا۔

نسخہ:

» برائیونیا 3x سات دن کے لیے

دس روز بعد:

» بائیں گھٹنے کی Patella ہڈی کے نیچے والی ہڈی میں درد بتایا گیا۔بہت زیادہ چلنے اور حرکت کرنے سے ایسا ہوا۔

نسخہ:

» روٹا 30 تین خوراکیں،ایک دن کے لیئے۔

» Sl5 چار دن تک استعمال کرنے کو کہا گیا۔

چار دن بعد:

» Tibia کے درد میں کمی آئی ہے۔

نسخہ:

سلفر 200 ایک خوراک، Sl7 4دن تک برائیونیا 3xاور رسٹاکس 3x متبادل چار دن تک۔

تیرہ دن بعد:

» کافی حد تک بہتری ہے۔

» Sl14 سات دن تک۔

ایک ماہ بعد:

» چلنے سے درد کبھی دائیں اور کبھی بائیں گھٹنے میں ہونے لگتا ہے۔

نسخہ:

Lac-can 200 ایک خوراک 3 روز تک صرف صبح کے وقت۔

» Sl11 bd سات روز تک۔

گیارہ روز بعد:

» تکالیف کو افاقہ ہے۔دایاں گھٹنا ٹھیک ہے۔

» بائیں گھٹنے میں زیادہ دیر چلنے سے مستقل درد رہتا ہے۔

نسخہ:

» Aurum Met 10M 2 گلوبیولز ہر تین گھنٹے پر ایک دن کے لیے۔

» Sl12 bd چھ روز تک

Scanned by CamScanner

ایک ہفتے بعد:

بالکل ٹھیک ہیں کوئی دوا تجویز نہیں کی گئی۔

ایک ماہ بعد بالکل ٹھیک ہیں اب زیادہ فاصلے تک چل سکتے ہیں۔ لیکن تیز چلنے سے بائیں گھٹنے میں درد ہو جاتا ہے۔

نسخہ:

- Aurum Met CM دو گلوبیولز ہر تین گھنٹے پر ایک دن کے لیے۔
- 6 Sl12 bd دن تک

3 دن بعد:

- پچھلے 3 دن سے درد بڑھ گیا ہے۔ لیکن آج صبح سے کچھ کمی آئی ہے۔
- Aurum Met CM کے اثر کو جاری رکھنے کے لیے مریض کے ذہنی اطمینان کے لیے صرف SI ایک ماہ تک استعمال کے لیے تجویز کی گئی۔

چار ماہ بعد:

پچھلی رپورٹ کے بعد درد میں آہستہ آہستہ کمی آتی رہی، اور کچھ عرصے میں ختم ہو گیا۔ وہ اب بہت خوش ہیں۔

دو ماہ بعد:

وہ اب بالکل صحتمند ہیں۔ مستقبل کیلیے اپنے پاس کچھ دوائیں رکھنا چاہتے تھے۔ ان کو

Scanned by CamScanner

Aurum Met CM کی ایک خوراک (X) کا نشان لگا کر اور مناسب مقدار میں SI دے دیا اور کہا گیا کہ سب سے پہلے (X) پاؤڈر استعمال کریں، بعد میں دوسرا پاؤڈر دن میں دو مرتبہ استعمال کرنا ہے۔

» ہدایت کی گئی کہ دو سے تین ماہ تک تیز چلنے سے پرہیز کریں غذا میں گوشت، چکنائی، شکر، دودھ وغیرہ کا استعمال بند کریں۔ صرف سبزیاں استعمال کریں۔

تبصرہ:

یہاں پر یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس کیس کو نکس وامیکا اور سلفر سے شروع کیا گیا۔ نکس وامیکا ایلوپیتھک ادویہ کے اثر کو زائل کرتی ہے۔ اور ہومیوپیتھک ادویہ کیلئے جگہ بناتی ہے۔ جبکہ سلفر اس کے عمل کو آگے بڑھاتی ہے اور ساتھ میں سلفر Synovitis کے لیے بھی مددگار ہوتی ہے۔ اور گھٹنے میں exudates کے جذب ہونے میں مدد دیتی ہے۔ Arg-met کو گھٹنے کے Cartilage کی حفاظت کے لیے استعمال کیا گیا۔ Cartilage کو Osteo-arthritis میں بہت نقصان پہنچ سکتا ہے۔ آرنیکا کے استعمال سے ماضی میں ہونے والے زخم کے اثرات کو دور کیا گیا۔ ادویہ جو کیس کے لیے بہت مددگار ثابت ہوئی ہیں وہ برائیونیا اور Aurum met ہیں۔ برائیونیا آرام کی حالت میں ہونے والی تکلیف کے لیے استعمال ہوتی ہے یہ گھٹنے میں Synovitis پر خاص عمل کرتی ہے۔ (Clark Dictionary vol. 1 p.319) اورم میٹ ہڈی کے ایسے عضلات کو زائل کرتی ہے جو نارمل ہڈی میں نہیں ہوتے ہیں (Clark Dictionary vol.1 p.224)

اس لیے Osteoarthritis اورم میٹ کے لیے ایک مخصوص شعبہ ہے۔ موجودہ کیس میں Aur-met نے بہت اچھا کام کیا ہے کیونکہ یہ مریض کی مخصوص علامات کے ساتھ میازم

(Syphlytic) کو بھی کور کرتی ہے۔اور مریض کی ذہنی علامات پر بھی پوری اترتی ہے اس کیس میں استعمال ہونے والی تمام پانچ ادویہ مریض کی ذہنی علامات (مایوسی اور ذہنی تناؤ کو بھی دور کرتی ہیں)۔

Scanned by CamScanner

منہ کا پرانا السر

CHRONIC MOUTH ULCER

- 43 سالہ شخص
- 17 سال سے منہ کے السر میں مبتلا ہیں۔
- زبان، مسوڑھے ہونٹ، گالوں کی اندرونی دیوار پر السر کے اثرات ہیں۔
- ابتدا میں السر ہوا جو Vit B کمپلکس کے استعمال سے دور ہو گیا۔ لیکن اب وٹامن سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ جس کی وجہ سے غذا نگلتے وقت مریض کو تکلیف ہوتی ہے۔
- نچلے ہونٹ اور نچلے مسوڑھے کی جڑ میں السر موجود ہے۔ پہلے سرخی آئی پھر اس پر سفید تہہ بن گئی جس کے چاروں طرف سرخی ہے۔
- سردیوں میں اس میں کمی ہو جاتی ہے جبکہ گرمیوں اور بارش کے موسم میں بڑھ جاتی ہے۔ آجکل مستقل ہے۔
- سورج برداشت نہیں ہوتی۔ تھوڑی دیر دھوپ میں رہنے سے سر میں درد شروع ہو جاتا ہے۔

- پیشاب شروع میں ٹھیک آتا ہے، لیکن آخر میں قطرے آتے ہیں۔
- نیم ٹھوس پاخانہ، پاخانے میں Amoebic Cyst پائی گئی ہے۔
- ناک کی جڑ میں بھاری پن محسوس ہوتا ہے اور بند ناک کو صاف کرنے پر کچھ نہیں نکلتا۔
- رات 12 بجے کے بعد مبرز میں درد محسوس ہوتا ہے جس کی وجہ سے آنکھ کھل جاتی ہے اور مریض بستر سے اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے۔
- جوتے پہننے سے پیر گرم ہو جاتے ہیں۔
- حساس اور جذباتی ہیں۔
- ٹھنڈک سے نزلہ زکام ہو جاتا ہے نیزل ڈراپ سے بہتر ہو جاتا ہے۔
- 20 سال کی عمر میں سر کے بل گرنے سے سر پر چوٹ آئی تھی دو دن تک بیہوشی کی حالت میں رہے۔32 سال کی عمر میں ٹائیفائیڈ ہوا۔
- والد کو یرقان ہوا اور ماں کو دمہ ہے۔
- اپنی عمر سے زیادہ دکھائی دیتے ہیں۔ چہرے پر جھریاں ہیں۔ دبلے ہیں، رنگ صاف ہے۔ دانتوں کی شکل نارمل ہے۔ کچھ دانت جڑ کی طرف سے گلے ہوئے ہیں۔
- بلڈ پریشر کم (110/60)، نبض 78، اور دل ٹھیک ہے۔
- آواز واضح نہیں ہے۔ زبان صاف اور نم ہے۔
- گلا صاف ہے۔
- میازم سوراسفلیٹک
- یہ ایسا کیس ہے۔ جس میں سفلیٹک اثر واضح ہے یعنی مریض کا اپنی عمر سے بڑا لگنا، چہرے پر جھریاں، دانت کی جڑ گلنا، منہ کا السر اور ابیاسس شامل ہیں۔

Scanned by CamScanner

نسخہ:

» مرک سال 6، 30 اور 200 ایک خوراک ہر ایک کی۔

» Sl 11 سات دن تک

» Lederplex، وٹامن بی کمپلکس ایک چائے کا چمچہ روزانہ ناشتے اور رات کھانے کے بعد لینا ضروری ہے۔

» وٹامن سی کی ایک گولی روزانہ۔

» (Hb) ہموگلوبن، اور پیشاب کے ٹیسٹ کے لیئے ہدایت دی گئی۔

چھ روز بعد:

پیشاب کی رپورٹ:

Albumin. Trace, Urates: +++, Pus cells a few , Mucus threads + , Hb 14.1, TLC 8800, Neutro 60%, Lympho. 37%, Eosino 3% Gum below lower lip OK, A small Ulcer had appeared inside right cheek,

نچلے ہونٹ کے پاس مسوڑھے ٹھیک ہیں۔ دائیں گال کے اندرونی طرف چھوٹا سا زخم موجود ہے پاخانے میں تھوڑی بہتری آئی ہے۔

نسخہ:

» Sl 14 سات روز تک

» ایکنیشیا اور کیلنڈولا مدر ٹنکچر :ا مقدار میں۔ بطور mouth wash آدھا کپ ٹھنڈے پانی میں 3 قطرے ملا کر ناشتے کے بعد اور رات سونے سے پہلے استعمال کریں۔

» Lederplex اور وٹامن سی کی گولی کا استعمال جاری رکھیں۔

ایک ہفتے بعد:

منہ کے زخم (السر) میں %90 بہتری ہوگئی ہے اور پاخانے میں بھی کافی بہتری آئی ہے۔

نسخہ:

» Sl 14 سات روز تک

» mouth wash جاری رکھیں۔

ایک ہفتے بعد:

غذا میں احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے پاخانہ کرنے سے پہلے اور بعد میں درد ہونے لگا ہے۔ اور اوپر والے مسوڑھے کی بائیں جانب درد محسوس ہو رہا ہے۔ اُن کو ہدایت کی گئی کہ منہ کے السر اور amoebiasis کا ایکدوسرے سے تعلق ہے اس لیئے ان کو اپنی غذا کے سلسلے میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔

نسخہ:

مرک سال 200 + Sl 13 bd سات روز تک صبح ناشتے کے بعد اور رات

سونے سے پہلے۔ گلیسرین اور ایکن (Echin) کو مسوڑھے اور گال کے اندرونی حصے پر مساج کریں۔

ایک ہفتے بعد:

گال، کا السر اور پاخانہ میں بہتری آئی ہے۔

ایک ہفتے بعد:

پاخانہ کرتے وقت مبرز پر جلن محسوس ہوتی ہے جو 15 منٹ تک جاری رہتی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بواسیر کا کیس ہے۔

نسخہ:

Nitric Acid 30 + Sl 5 + Nitric Acid 200 + Sl 7 bd

7 days

» غذا میں سبزیوں کے استعمال کی ہدایت۔

» گوشت اور مرچوں سے پرہیز۔

دو ہفتے بعد:

اب پاخانہ کرنے میں کوئی تکلیف نہیں ہو رہی ہے لیکن مسوڑھوں کا السر دوبارہ ظاہر ہو گیا۔

Scanned by CamScanner

نسخہ:

Syphlinum 1M 1 dose + Sl for 2wks

دو ہفتے بعد:

- بہتری مسلسل جاری ہے۔
- مسوڑھوں کا السر مکمل طور پر دور نہیں ہو رہا ہے

نسخہ:

- ایک خوراک Merc Sol 1M
- Sl دو ہفتوں تک

ایک ماہ بعد:

- منہ کے تمام السر ختم ہو گئے۔
- پاخانہ نارمل آ رہا ہے۔

نسخہ:

Sl ایک ماہ تک استعمال کریں۔

ایک ماہ بعد:

- سب کچھ ٹھیک ہے۔

Scanned by CamScanner

» Nitric Acid 1M ایک خوراک اس لیے دی گئی تا کہ بواسیری مسوں کے علاج کو مکمل کیا جائے اور پیشاب میں Urates بننے سے رک سکیں۔

» پیشاب، پاخانے کا ٹیسٹ کروایا گیا۔

ایک ماہ بعد:

اب بالکل ٹھیک ہیں اور وزن میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

» پیشاب کی جانچ سے معلوم ہوا کہ اس میں Urates نہیں ہیں۔Pus cell اور البیومن بھی نہیں ہے۔

» تین دن تک کے پاخانے کی جانچ سے معلوم ہوا کہ اب کوئی amoebic cyst نہیں ہے۔

» موجودہ صورت حال کے مطابق صحت یاب ہو گئے ہیں آخر میں مریض کو سلفر 200 کی ایک خوراک اور SI 15 ایک ہفتے تک دے گئی۔سلفر 1M اس لیے نہیں دی گئی کیونکہ اس سے reaction کا خطرہ تھا۔

ڈھائی ماہ بعد:

» مسلسل صحت یابی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔السر، مسوں اور amoebiasis کو دور کرنے کے لیے میازمی رکاوٹ کو Syphilium کی زیادہ پوٹینسی سے دور کیا گیا۔

Scanned by CamScanner

دوا کی لت

DRUG ADDICTION

» 33 سالہ خاتون، 10 سالہ بچے کی ماں۔

» پچھلے بارہ سال سے Mandxex/ Vesprex کے نشے میں مبتلا ہیں۔4 سے 5 گولیاں روزانہ استعمال کرتی ہیں۔

» خاتون گھر میں اکثر اکیلی رہتی ہیں کیونکہ ان کے شوہر زیادہ تر وقت اپنے دفتر میں گزارتے تھے۔اسلیے خاتون مایوسی اور اکیلے پن کا شکار ہو گئیں۔کسی طرح سے ان کو مندرجہ بالا دواؤں کے بارے میں معلوم ہوا تو انھوں نے استعمال کرنا شروع کر دیں۔

» انھیں اپنی اس بُری عادت اور اس کے اثرات کا اچھی طرح احساس ہے۔وہ امیر خاندان سے تعلق رکھتی ہیں اسی لیے تعیشات کی وجہ سے زیادہ چلنا پھرنا بھی نہیں پڑتا ہے۔

» وہ اپنے خاندان سے محبت کرتی ہیں اور چاہتی ہیں کہ ان کی نشے کی عادت ختم ہو جائے۔

Scanned by CamScanner

» رات کو نیند نہیں آتی۔

» انھوں نے چیختے ہوئے کہا کہ " کیا میں اس عادت سے جان چھڑا سکتی ہوں"

» پچھلے چھے دن سے کوئی دوا نہیں لی ہے۔

» وہ اس وقت نکس وامیکا کی بہت اچھی تصویر پیش کر رہی ہیں، لیکن تجویز کرنے سے پہلے یہ دیکھا گیا کہ مریض چاہتا ہے کہ اسے ایک اچھی زندگی ملے، صحت برقرار رہے، ذہنی اور روحانی سکون میسر ہو۔ خاتون نے اپنے ذہن میں یہ بات سوچ لی تھی کہ وہ ضرور صحت یاب ہو جائیں گی اس لیے نکس وامیکا 200 دی گئی صبح سات بجے اور شام سات بجے، (ایوینا Q + پیسی فلورا 1:1O، پانچ قطرے ناشتے اور 10 قطرے دوپہر کے کھانے کے بعد اور 20 قطرے سوتے وقت آدھا کپ ٹھنڈے پانی میں) روزانہ پانچ دن تک۔

» سبزیوں کے استعمال میں اضافہ۔

» پیاز، لہسن اور مرچوں سے پرہیز۔

» دہی اور لسی کا استعمال کیا جائے اور خوش رہنے کی کوشش کی جائے۔

ایک ہفتے بعد:

» بہت بہتری محسوس کر رہی ہیں۔ چہرے سے بشاش نظر آ رہی ہیں۔

» اب انھیں نشے کی بالکل بھی خواہش نہیں ہے۔

» نیند اچھی آ رہی ہے۔

Scanned by CamScanner

نسخہ:

» نکس وامیکا 1M تین خوراکیں۔

» Sl11 bd سات روز تک

» ایوینا اور پیسی فلورا کے ڈراپس پہلے کی طرح جاری۔

ایک ہفتے بعد:

» خاتون مکمل طور پر صحت یاب ہوگئیں ہیں اب انہیں نشے کی بالکل بھی خواہش نہیں ہے۔ نیند خوب آرہی ہے۔

نسخہ:

» نکس وامیکا 10M دس دن بعد شام سات بجے ایک خوراک لینا ہے۔

» ایوینا + پیسی فلورا کے قطرے 35ml کی بوتل میں لیکر 5 قطرے استعمال کرتے ہوئے بوتل خالی کردیں۔

» ہدایت دی گئی کہ اپنے آپ کو کسی کام میں مصروف رکھیں۔

Scanned by CamScanner

رحم میں رسولی

ENDOMETRIOSIS

AFTER EFFECTS OF PAN

HYSTERECTOMY

» 33 سالہ خاتون۔

» دو بچوں کی ماں۔

» بچوں کی پیدائش میں ساڑھے چھ سال کا وقفہ ہے۔

» پہلا بچہ نارمل ہوا جبکہ دوسرا بچہ آپریشن کے ذریعے ہوا۔

» دوسرے حمل کے دوران بائیں بیضہ دانی میں ٹیومر بن گیا۔ یہ بڑے سائز کا خونی ٹیومر تھا۔ آپریشن کے دوران اس ٹیومر کو نکال دیا گیا تھا۔ ایک سال بعد آپریشن کے ٹانکوں کی جگہ کے نزدیک ایک گلٹی (Lump) بن گئی تجزیے پر معلوم ہوا کہ رحم، فم رحم، دونوں فلوپین ٹیوب اور بیضہ دانیاں چاکلیٹ جیسے رنگ کے سلعہ (Cyst) میں تبدیل

Scanned by CamScanner

ہوگئی ہیں

« سلعہ کا سائز 2.5 سینٹی میٹر ہے جبکہ

« رحم کا سائز 8cm x 6cm x 4.5cm ہے۔

« فم رحم پر موجود ہ سلعہ کا رنگ نیلا پڑ گیا ہے۔

« اندام نہانی میں ایک علیحدہ سلعہ موجود ہے جس میں چاکلیٹی رنگ کا مائع بھرا ہوا ہے۔

جانچ:

« شدید cerwicitis اور فم رحم (cervix) کا Endometriosis

« Minimal adenomyosis Uteri

« Hyperplasia Zona basalis

« Bilateral endometrial cyst

« Vaginal endometriosis

آپریشن کے ذریعے رحم اور بیضہ دانیوں کو نکال دیا گیا اور ایک کیپسول Geriatone دن میں ایک بار چھے ماہ تک استعمال کیا۔ اچانک اسی جگہ ایک سخت گلٹی lump نمدار ہوگئی۔ ابتداً میں یہ اس گلٹی lump بہت درد ہوتا تھا لیکن جیسے جیسے Geriatone کا استعمال کم ہوتا گیا اس میں کمی آگئی اور اب صرف جگہ کو دبانے سے درد محسوس ہوتا ہے یہ درد کا کاٹنے جیسا ہوتا ہے۔ اب Geriatone کیپسول کے استعمال کو ترک کیۓ دو ماہ ہوگئے ہیں۔

Scanned by CamScanner

موجودہ علامات یہ ہیں:

» مثانے کی جگہ سے اوپر آپریشن کے نشان کے نیچے ایک سخت گلٹی lump ہے۔

» چھونے پر درد ہوتا ہے، جو کاٹنے جیسا ہوتا ہے۔

» ذہنی اور جسمانی تناؤ کی وجہ سے آدھے سر میں درد بار بار الٹیاں، کچھ کھا نہیں سکتیں۔

» نیند کے بعد درد ختم ہو جاتا ہے۔ آخری دورہ چار روز قبل پڑا ہے۔

» میٹھا پسند نہیں کرتیں لیکن گرم اور موسمی غذائیں پسند ہیں۔

» جذباتی، غصیلی، جلد رونا آتا ہے۔

ہسٹری:

» پہلا حیض 14 سال میں ہوا۔

» 7 سال کی عمر میں ٹانسل کا آپریشن ہوا۔

» خاندان میں اس سے پہلے کبھی ٹی بی (دق سل) کینسر نہیں ہوا

» 6 سال قبل بائیں ہاتھ کی کلائی پر ٹیومر بن گیا تھا جسے آپریشن سے نکال دیا گیا۔

جلد سفید دھبا بن گیا۔

ظاہری شکل وصورت:

» رنگ گندمی، دبلی پتلی، قد لمبا اور کمزوری

جانچ:

» دل اور نبض واضح اور باقاعدہ لیکن ہلکی (68) ہے

» بلڈ پریشر کم ہے (105/65)

» خشک اور لٹکی ہوئی چھاتی۔

» زبان صاف ہے۔

میازم Psora-Sycosis Sycosis acting

» کلائی پر موجودہ چھوٹے ٹیومر کا آپریشن شاید endometriosis کا باعث بنا۔

نسخہ:

» نکس وامیکا 200 ایک خوراک رات سوتے وقت۔

» اگلی صبح رسٹاکس 200 ایک خوراک دی گئی۔

(اس سے آپریشن کے پہلوی اثرات دور ہوتے ہیں)

» SI تین دن تک استعمال کرائی گئی۔

» آپریشن کارڈ کے مطابق درج ذیل معلومات حاصل ہوئیں۔

Indication, Endometriosis, focal and local

Histopathological Reports:

Endometriosis, ovaries, vaginal walls and scar tissues

Adenomyosis of the Uterus.

No evidence of malignancy

Scanned by CamScanner

Operation:

Pan Hysterectomy with removal of endometriosis

focal, in old scar, Vaginal wall and pelvic cavity,

- ایک ہفتے بعد سخت گلٹی کے سائز میں کمی محسوس ہوئی۔
- تھوجا 1M بارہ دن تک ایک خوراک رات کے وقت۔
- Sl چار دن تک۔
- ایسا محسوس ہو (جیسے اونچائی سے گر رہی ہوں)
- ایک ہفتے بعد بہتری جاری رہی۔
- آپریشن کے نشان کے پاس گلٹی کا سائز کم ہو گیا ہے۔
- دھوپ میں شاپنگ کرنے کے بعد تھک گئیں اور (migraine) آدھے سر میں درد ہوا۔
- کوئی اور علامت سامنے نہیں آئی

نسخہ:

- 14 Sl صبح و شام 7 بجے سات دن تک
- درد شقیقہ کے لیے Epiphegus 3 صبح چار بجے اور صبح نو بجے سات دن تک۔
- ہدایت دی گئی کہ شاپنگ کے لیے شام کے اوقات میں جائیں اور غیر ضروری محنت اور دماغی محنت سے گریز کریں۔

Scanned by CamScanner

دو ہفتے بعد:

» lump گلٹی اب بہت چھوٹی رہ گئی ہے۔
» پچھلے روز آدھے سر کا درد ہوا تھا۔

نسخہ:

» Dysentrica Co. 200 ایک خوراک
» Sl_{13} bd سات روز تک۔
» Epiphagus 3 کو جاری رکھیں۔

دو ہفتے بعد:

» اب آدھے سر کے درد کی شکایت نہیں ہے۔
» گلٹی میں مزید تبدیلی نہیں ہوئی۔

نسخہ:

» تھوجا 10M 2 گلوبیولز کی تین خوراکیں 3 راتوں تک لیں۔
» Sl ایک ماہ تک لیں۔

ایک ماہ بعد:

» گلٹی ختم ہو گئی ہے۔
» علاج ختم کر دیا گیا۔

Scanned by CamScanner

» مریض سے درخواست کی گئی کہ وقتاً فوقتاً اطلاع دیتے رہیں۔

7 ماہ بعد اطلاع ملی کہ اب صحت مند ہیں، اس کے بعد تقریباً چھ سال بعد ٹیلی فون پر خاتون نے رابطہ کیا اور بتایا کہ وہ بالکل صحت یاب ہیں۔

Scanned by CamScanner

بائیں چھاتی میں گلٹی

FIBRO- ADENOMA

OF LEFT BREAST

- 42 سالہ خاتون
- شادی کو 22 سال ہو گئے ہیں
- 3 بچوں کی ماں آخری بچے کی عمر 18 سال ہے
- بائیں جانب کے لمفی غدود کے پیرانڈ گروپ پر اثر ہوا ہے۔
- پہلے بچے کی پیدائش کے بعد بائیں کان کے نیچے ایک چھوٹا غدود بن گیا جس میں درد ہوتا ہے۔
- یہ غدود اب تک مستقل ہلکا دکھتا ہے اور سوج رہا ہے۔
- مریضہ اس سے پہلے چھ ماہ تک ہومیو پیتھک علاج کرواتی رہی ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔
- بایاں maxillary sinus اور بایاں Nostril بھی بدستور بند ہے۔

Scanned by CamScanner

» سر میں بائیں جانب بھاری پن رہتا ہے۔
» حلق سرخ، پرانا، انفیکشن ہے۔ درد نہیں ہے۔
» کھانسی خشک، گہری اور درد کے ساتھ ہے۔
» چھاتی پر اخروٹ کے دانے کے برابر گلٹی lump ہے۔ یعنی بائیں چھاتی کا چوتھا حصہ اس کے زیر اثر ہے۔
» ایکس رے رپورٹ یہ ہے:-

"Architecture of both tissues is altered partially defined radio-lucent areas are terspersed b/w thickened trabeculae, retro-mammary space, sub-cutaneous tissue skin nipple are normal."

" دونوں چھاتیوں کے عضلات کی ساخت تبدیل ہوئی ہے۔ جزوی (radio-lucent) جگہیں (جہاں سے ایکس رے گزر سکیں) چھاتی میں موجود درمیانی جگہوں اور جلد کے نچلے خلیات میں پھیل گئی ہیں جبکہ جلد اور بھٹنیاں نارمل ہیں۔"

مندرجہ بالا رپورٹ کے مطابق:

Bilateral Fibro-adenosis تجویز کیا گیا۔

» بائیں چھاتی میں fibro-adenoma ایک ہفتے پہلے ہی معلوم ہوا تھا۔ malignancy سے متعلق کسی رائے کے بغیر اور دونوں چھاتیوں میں خلیاتی ساخت میں ہونے والی malignancy کا امکان لگانا ابھی بہت قبل از وقت ہوگا، جب تک کہ اس مرحلے پر اس کی جانچ نہ کی جائے۔ قبل از وقت سن یاس ایسے مریض

کے لیے خطرناک ہوتا ہے۔

» حیض کا دورانیہ چھے سے سات دن ہے جو نارمل ہے۔ لیکن پہلے تین دنوں میں خون زیادہ آتا ہے حیض شروع ہونے سے قبل چھاتی میں تناؤ اور بھاری پن ہوتا ہے۔

» لوگوں کا ساتھ پسند ہے۔

» وہ چاہتی ہیں کہ دوسرے ان کا خیال رکھیں۔

» سہانے خواب دیکھتی ہیں۔ جذباتی اور باتونی ہیں۔

» ماں کو نقرس (arthritis) ہے اور باپ کو نزلہ کھانسی اکثر رہتا ہے۔

میازم:

ٹیوبر کولر اور سائیکوٹک

» درمیانہ رنگ

» درمیانہ قد

» موٹا جسم

جانچ:

نبض، بلڈ پریشر اور دل نارمل ہے۔ بائیں چھاتی میں گلٹی lump ہے گلٹی lump چھوٹی اخروٹ کے سائز کی ہے۔ lump گلٹی سخت ہے۔ اور ہاتھ سے حرکت دینے پر ہلتی ہے۔ بائیں انڈیکس فنگر (انگوٹھے کے برابر کی انگلی) بھی ایک مسا موجود ہے۔

Scanned by CamScanner

علاج:

بائیں جانب ہونے والی تکلیف کا اثر دائیں جانب بھی پڑتا ہے۔

» خاتون باتونی ہیں، ان کی عمر کا وقت قبل از سن یاس ہے۔ جو Lachesis کی نشان دہی کر رہا ہے۔

نسخہ:

» لیکیسس 1 M ایک خوراک
» Sl 7 4 دن تک۔
» Becosule ایک کیپسول روزانہ ناشتے کے بعد

ایک ہفتے بعد:

مریض کو تمام تکالیف میں بہتری محسوس ہوئی ہے۔
ذہنی سکون بھی ملا ہے اور بہت خوش نظر آ رہی ہیں۔ گلے کا درد کم ہے۔ بائیں چھاتی پر مسااب نرم پڑ گیا ہے جس میں ہلکا درد ہے۔

نسخہ:

» Sl 14 bd سات دن تک
» جب بھی قبض محسوس کریں، ہائیڈراسٹس 3 قطرے صبح تھوڑے پانی میں لے لیں۔

Scanned by CamScanner

ایک ہفتے بعد:

» بائیں چھاتی میں سختی ختم ہوگئی ہے لیکن بائیں چھاتی کے آدھے بائیں حصے میں خفیف درد ہے۔ دائیں کان کے نیچے موجود غدود میں درد شروع ہوگیا ہے اگرچہ بائیں کان کے غدود میں کمی آئی ہے اور اب چھوٹا ہوگیا ہے۔

بائیو کیمیک ادویہ فیرم فاس 6x صبح

" " میگنیشیا فاس 6x دوپہر

اور بائیو کیمیک ادویہ فیرم فاس 6x شام

ہر ایک کی چار گولیاں چائے کے چمچے میں گرم پانی میں گھول کر سات دن تک لیتے رہیں۔

ایک ہفتے بعد:

» حیض شروع ہوئے دوسرا دن ہے۔

» اس بار حیض ہر طرح سے بہتر ہوا ہے۔

» بہت زیادہ خون بھی نہیں بہا ہے۔

» حیض سے قبل چھاتی میں کوئی دباؤ یا بھاری پن یا بے چینی نہیں ہوئی ہے۔

» لیکن دائیں کان کے غدود کے درد میں کوئی فرق نہیں ہوا ہے۔

نسخہ:

(حیض کے دن ختم ہونے کے بعد یہ ادویہ استعمال کریں)

Scanned by CamScanner

« لائیکو پوڈیم 30 کی 3 خوراکیں پہلی، تیسری اور پانچویں صبح لیتے رہیں۔

« bd ، Sl 7 دن تک

دو ہفتے بعد:

« ہر تکلیف میں بہتری آتی ہے۔ دائیں کان کے غدود کا درد ختم ہو گیا۔

« دائیں چھاتی سے مسا بالکل ختم ہو گیا یعنی Fibro adenoma کا علاج مکمل ہو گیا۔

« لیکن بائیں کان کے نیچے ایک چھوٹا سا غدود موجود ہے۔

نسخہ:

« ہیپلینم 3 1M خوراکیں ہر خوراک دو گلوبیولز کی۔ ایک دن تک ہر تین گھنٹے پر۔

« Sl ایک مہینے تک۔

« Becosule جاری تھیں۔

ایک ہفتے بعد:

« بالکل ٹھیک ہیں۔

« دائیں کان کے نیچے غدود کا نشان غائب ہو گیا۔

« علاج مکمل ہو گیا۔

اس کیس میں لیکیس (Lachesis) مریضہ کی عادت کے حساب سے اور شفا بخش دوا کے اعتبار سے بالکل مناسب رہی ہے۔ اس میں مریضہ کا میازم شامل نہیں ہے۔ لیکن

اس کی خاص علامات کا احاطہ کیا ہے IM پوٹینسی مریضہ کے لیے اثر انگیز پوٹینسی ہے۔

آخر میں یہ مشکل آتی ہے کہ ہم Lachesis سے کیس مکمل کریں یا ہیپیلینم سے جو اس کی متبادل ہے۔ جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ Lachesis مریضہ کے لیے اثر انگیز پوٹینسی ہے اسلیے اس کی پوٹینسی مزید نہیں بڑھا سکتے۔ اس کی متبادل ہیپیلینم کا انتخاب کیا گیا۔ آخر میں ہیپیلینم نے ہیرنگ لاء کو ثابت کر دیا۔

Scanned by CamScanner

پرانا دمہ

CHRONIC BRONCHITIS

WITH ASTHMA

» چھ سالہ بچی

» دو دن پہلے رات دس بجے دمے کا دورہ پڑا۔

» پہلے سر میں درد ہوا، سانس میں تکلیف ہوئی اور بہت زیادہ کھانسی آئی، گاڑھا سفید لعاب نکلا۔

» ایلو پیتھک ادویہ اور انجکشن بھی لگایا گیا جسکے بعد بچی سو گئی۔ اگلے دن صبح آٹھ بجے جاگ گئی۔ دوبارہ زور سے کھانسی آئی جس سے سفید گاڑھا بلغم خارج ہوا۔
پھر بچی نے ناشتہ کیا اور اسکول چلی گئی۔

» اسکول میں پیشاب بار بار آیا اور دمے کا ایک اور حملہ ہوا۔ رات گئے 3 بجے سے 4 بجے کے درمیان بستر پر پیشاب کی عادت ہے۔

» دمے کا حملہ دن 12 سے 1 بجے کے درمیان زیادہ ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

- اور رات 12 سے 1 بجے کے درمیان بھی ہوتا ہے۔
- موسم کی تبدیلی سے تکلیف بڑھ جاتی ہے۔
- مٹی، دھوپ وغیرہ سے بھی اضافہ ہوتا ہے۔
- دبلی پتلی اور حساس ہے۔
- لوگوں میں رہنا پسند کرتی ہے۔
- آرام کرنے سے تکلیف میں کمی ہوتی ہے۔
- 3 سال کی عمر میں پیٹ کے کیڑوں کا شکار ہوئی تھی۔
- 4 سال کی عمر میں خسرہ Measles ہو چکی ہے۔ ٹھیک اسکے بعد سے دمے کی تکلیف شروع ہوگئی۔
- دودھ اور پھل پسند ہیں۔ پہلے اورنج پسند تھا لیکن اب نہیں ہے۔
- گلے میں دائیں جانب غدود بڑھا ہوا ہے۔
- دل کی حرکت نارمل ہے۔
- نبض 100 ہے کیونکہ سانس میں دشواری ہوتی ہے۔
- سینے اور پھیپھڑوں میں درمیانی برانکائی آواز ہے۔ بائیں جانب سے زیادہ آتی ہے۔
- بھوک کم لگتی ہے۔
- پیاس اور اجابت اور بڑھوتری نارمل ہے۔

میازم:

Psora-Syphilitic

Scanned by CamScanner

نسخہ:

» کاربوویج 200 ایک خوراک صبح میں

» نکس وامیکا 200 ایک خوراک رات میں

» اگلے دن سے پلساٹیلا 30 اور

» اپی کاک 30 متبادل دن میں دو مرتبہ صبح، شام سات بجے۔

» بلڈ رپورٹ کی ہدایت کی گئی ہے۔

ایک ہفتے بعد:

» تجویز کردہ دواؤں کا بہت اثر ہوا۔

» سینے اور پھیپھڑے دمے کے اثرات اور بلغم سے پاک ہو گئے۔

» بھوک ٹھیک ہو گئی۔

خون کی رپورٹ:

Hb= 13.0, TLC. 7400, DLC: Poly 36

Lympho 54, Eosino 8, Mono 2 and Baso nil.

ESR پہلے گھنٹے میں 30 تھا جو تھوڑا زیادہ تھا۔ ESR اور Eosin کے اضافے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ لیکن lympho لمفی خلیات poly کی تعداد کی وجہ سے بڑھتے ہیں۔

» 4 سال کی عمر میں ہونے والے خسرہ کے حملے کے مقابلے میں اب واضح فرق محسوس

ہوتا ہے۔

نسخہ:

» Morbilinum 200 کی ایک خوراک۔

» Sl13 bd ایک ہفتے تک۔

ایک ہفتے بعد:

» مسلسل بہتری کی طرف گامزن ہیں۔

» سینہ اور پھیپھڑے صاف ہو رہے ہیں۔

» پلساٹیلا1 M ایک گلوبیول ہر تین گھنٹے پر ایک دن کیلئے۔

» 15 Sl دن تک۔

دو ہفتے بعد:

» بستر پر پیشاب آنا بند ہو گیا۔

» ظاہری شکل صورت میں ابھی کمزور ہے۔

نسخہ:

» ٹیوبرکولینم 1 M ایک خوراک

» Sl چار دن تک پھر

» بائیوکیمک فیرم فاس 3x صبح میں

» کلکیر یافاس 3x شام میں 3 گولیاں گرم پانی میں دس دن تک۔

Scanned by CamScanner

تین ہفتے بعد:

» کوئی دورہ نہیں پڑا۔

» سینہ اور پھیپھڑے صاف ہیں۔

» وزن بڑھا ہے۔اب بچی اسکول بھی جا رہی ہے۔

نسخہ:

» سلفر 200 کی ایک خوراک

» SI ایک ماہ تک استعمال کر کے علاج مکمل کر دیا گیا۔

اس کیس میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس میں Morbillinum 200 کا انتخاب کیا گیا جو خسرہ کے جراثیم سے تیار کی گئی ہے۔ بچی کو خسرہ کے بعد سے دمہ ہو گیا تھا۔ Morbillium نے صرف بیماری کو ہی ختم نہیں کیا بلکہ مکمل شفاء میں مدد دی ہے۔

» دوسری دوائیں بچی کے میازم اور Constitution ادویہ ہیں۔

» Tubercullnum اور سلفر سے شفا میں بہت مدد ملی ہے۔

تجربے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ جب کوئی انفیکشن ہو گیا ہو اور متعلقہ ادویہ سے ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو اس انفیکشن کے nosode سے تیار کردہ دوا 200 طاقت میں استعمال کرنے سے جادوئی اثر ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

تالو پر زخم، معدے کی تکلیف

FIBRO-HYPERPLASIA

OF PALATE

» خاتون، عمر 30 سال

» دو بچوں کی ماں، آخری بچے کی عمر 6 برس ہے

» ان کے منہ میں تالو پر، سامنے کے چھے دانتوں کے پیچھے کولاجن عضلات کی غیر معمولی نمو ہوگئی ہے۔

6 ماہ پہلے کی بائپسی رپورٹ درج ذیل ہے:

نمونے میں ناہموار کولاجنی عضلات [(collagen) جو ایک سفید عضلہ ہوتا ہے۔ عام طور پر یہ ہڈیوں کے جوڑوں میں پایا جاتا ہے اس میں جیلی نما مائع ہوتا ہے] اور chronic inflammatry خلیات پائے گئے۔

Specimen composed of coarse bands of

callagenous tissues and focal infiltrate of

Scanned by CamScanner

chronic inflammatory cells. The overlying mucosa

acentholic

Opinion:

Inflammatory fibrous hyperplasia

گلا خراب ہے جو رات میں زیادہ تکلیف دیتا ہے۔ چھ مہینے سے اینٹی بایوٹکس antibiotics لے رہی ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ گلا روز بروز خراب ہوتا جا رہا ہے۔ معائنہ پر معلوم ہوا کہ ان کی گلے کی حالت واقعی بہت خراب ہے۔ ٹھوس غذا نگلنے میں درد محسوس ہوتا ہے۔ تانبے جیسا لال رنگ ہے۔ پیپ (pus) بن سکتا ہے۔ میازم Psora Syphilitic بنیادی میازم سورا اور acting میازم سفلیٹک ہے ہیپر سلف ان کی مماثل دوا ہے۔

نسخہ:

» ہیپر سلف 6 تجویز کی گئی دن میں دو بار صبح شام سات روز تک۔

» آدھا کپ گرم پانی میں ہائیڈراسٹس پانچ قطرے رات اور صبح غرارے کریں۔

پندرہ دن تک وٹامن B کمپلیکس کا استعمال کریں۔

Scanned by CamScanner

تین ہفتوں بعد:

» خاتون نے بتایا کہ وہ اب ٹھیک ہیں۔

» Sl پندرہ روز تک۔

تین ہفتے بعد:

» صحت بہتر ہو رہی ہے۔

» علاج بند کر دیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ دودھ، گوشت تلی ہوئی اشیاء 3 مہینے تک نہ کھائیں۔

اس کیس میں گلا بہت خراب تھا۔ اینٹی بایوٹک کوئی اثر نہیں کر رہی تھیں۔ ہو سکتا تھا کہ یہ گلے کا کینسر بن جاتا۔ موجودہ علاج نے اس کو صحت بخشی۔ اس کیس میں ہیپر سلف نے مریضہ کی علامات اور میازم کو کنٹرول کیا۔

علاج کے 16 سال بعد تک خاتون بالکل ٹھیک ہیں۔

خاندانی منصوبہ بندی کے مضر اثرات

AFTER EFFECTS OF

MEDICAL TERMINATION

OF PREGNANCY

شادی شدہ خاتون، عمر 30 برس، دو بچے ہیں۔

خاتون نے کچھ دن پہلے ہی اپنے تین ماہ کا حمل اسقاط کرایا ہے۔ اس کے بعد سے انھیں ہر روز سردی کے ساتھ بخار ہوتا ہے۔ بخار کا کوئی ریکارڈ نہیں رکھا گیا تھا۔ سر بھاری رہتا ہے اور بہت کمزوری اور سستی محسوس ہوتی ہے۔ رات کو نیند نہیں آتی ہے۔ جسم میں درد پیاس زیادہ لگتی ہے۔ زبان سفید ہے۔ کوئی اخراج نہیں ہے۔ انھیں بخار ریکارڈر رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

نسخہ:

Echnicea Q قطرے دس تا کس 30-4 خوراکیں ہر صبح اور چار گھنٹے بعد

چائے کے چمچے پانی میں چار دن تک دن میں چار مرتبہ۔

چار دن بعد:

حیض شروع ہوا اور بھاری مقدار میں ہوا۔ بخار جاری رہا۔

Pecac I 30 ایک خوراک ہر صبح شام چار بجے کے بعد Echinacea قطرے جیسے پہلے تھے تین دن تک۔

چار دن بعد:

بخار صبح میں 99° اور شام میں 101° کل صبح 10 بجے تک 98° تھا اور رات 100°۔ زبان ابھی تک سفید ہے۔ الٹیاں رک گئیں حیض جو پہلے بہت گندا اور بودار تھا اب بو ختم ہوگئی ہے۔

پانچ دن کیلئے ان دواؤں کا استعمال کرایا گیا۔

- am 7 رس ٹاکس 30 ایک خوراک۔
- 9am Echinacea Q ایک قطرہ۔
- 11am فیرم فاس 6x تھوڑے سے گرم پانی میں 4 گولیاں ۔
- 1pm Echinacea Q ایک قطرہ۔
- 3pm فیرم فاس 6x 4 گولیاں تھوڑے گرم پانی میں
- 5 pm Eichinacea Q ایک قطرہ
- 9pm کالی فاس 6x چار گولیاں تھوڑے گرم پانی میں۔
- وٹامن B کمپلکس دن میں دو بار کھانے کے بعد۔

Scanned by CamScanner

ایک ہفتے بعد:

» سب کچھ ٹھیک ہو گیا ہے۔

» عام کمزوری کے لیئے فیرم ناس 6x کلکیر یا ناس 6x اور کالی ناس 6x 4 گولیاں ہر ایک تھوڑے گرم پانی میں روزانہ ناشتے lunch اور ڈنر کے بعد سات روز تک۔

سات روز بعد:

مکمل صحت یاب ہو گئی ہیں۔

ضبط ولادت (Birth Control) کے لیے آج کل جو اقدامات کیلئے جا رہے ہیں خاص طور پر کنڈوم (condom) استعمال کرنے سے رحم میں زخم ہو سکتے ہیں۔

ہومیو پیتھی اس میں بہت مدگار ثابت ہوتی ہے۔

ضبط ولادت کے لیے استعمال ہونے والے آلات جیسے لوپ، آپریشن کے زریعے جیسے ligation یا فلوپین ٹیوب کا vesection اور مردوں میں vas difference مادہ منویہ کی پیدائش کو روکنے والی دواؤں اور طبعی طور پر حمل کو روکنا (Medical Termination of Pregnancy=M.T.P) کے مضر اثرات کے کیسز آج کل بہت ہونے لگے ہیں۔اس کیس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہومیو پیتھی کس طرح ان کیسوں میں کامیابی حاصل کرتی ہے اور زندگی کو صحت بخشی ہے۔

Scanned by CamScanner

سر کا مستقل درد

CONSTANT PAIN

IN VERTEX

خاتون عمر 67 سال، پانچ بچوں کی ماں:

مستقل درد سر جو دائیں جانب راس (vertex) نیچے کو ہوتا ہے۔ خاتون نے بتایا کہ درد گردن کے دائیں جانب اور بازو سے ہوتا ہوا دائیں ہاتھ تک آتا ہے۔ ڈھائی ماہ پہلے حادثاتی طور پر ایک بڑے سخت لکڑی کے ٹکڑے سے ٹکرا گیں تھیں اسی دن رات کو درد شروع ہو گیا تھا۔ انکا سر ٹکرانے کے فوری بعد کوئی درد نہیں ہوا تھا۔ ایک ماہ بعد ڈیڑھ گھنٹے تک ان کی یادداشت ختم ہو گئی تھی۔ ان کا سن یاس (مینوپاز) 52 برس میں ہوا تھا۔

اس حادثے کے بعد ان کو مستقل درد ہو رہا ہے۔ ان کا Electro Encephalogram نارمل ہے۔ دماغ کی اسکیننگ (Brain Scanning) بھی کی گئی، لیکن کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ حادثے کے وقت کی رپورٹ کے مطابق ان کی

Scanned by CamScanner

چوٹ والی جگہ haematoma موجود ہے۔ زیادہ تر ایلوپیتھک ادویہ آزمائی جا چکی ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا ہے۔ دوسری علامات یہ ہیں۔

» بلند فشار خون Higrotone 1/2 ٹیبلٹ متبادل دن استعمال کرتی ہیں۔

» گلے کے دائیں جانب درد ہوتا ہے جو پانچ سال پہلے بھی تھا، اب دوبارہ شروع ہو گیا ہے۔

» کبھی کبھی نبض رک جاتی ہے۔

» کوئی محنت کا کام کر لینے سے گہری سانسیں آتی ہیں۔

» جذباتی اور حساس ہیں۔ لوگوں کا ساتھ پسند کرتی ہیں لیکن، ہمدردی پسند نہیں کرتیں۔

پچھلی اور فیملی ہسٹری دستیاب نہیں ہے۔

معائنہ:

رنگ صاف، صحت مند، نبض سخت اور اچھلتی ہوئی۔ دل کی حرکت سست فشار خون

160/110

میازم:

سوراسائیکوسس

تجویز:

» سب سے پہلے ان کے گلے کی تکلیف کا علاج کیا گیا۔ بیلاڈونا 1M 2 خوراکیں اور مرک سال 1M ایک خوراک متبادل صبح شام اور اگلی صبح

» Sl 11 bd سات روز تک۔

» کافی پینا منع ہے۔

ایک ہفتے بعد:

ان کے گلے کا درد ختم ہوگیا اور سر کے درد میں کمی ہوئی ہے۔ آرنیکا 1M 2 خوراکیں اور

» ہائپریکم تیسرے اور ساتویں روز

» Sl 10 bd سات روز تک۔

ایک ہفتے بعد:

درد دو دن سے بہتر تھا، لیکن دوبارہ بڑھ رہا ہے۔ آرنیکا 1M 2 خوراکیں اور ہائپریکم 1M ایک خوراک Sl 11 bd سات روز۔

ایک ہفتے بعد:

» کبھی کبھی بہتر محسوس ہوتا ہے۔

» ہائپریکم 10M ایک خوراک۔

» Sl 13 bd سات روز تک۔ Q Passiflora دس قطرے ایک چائے کا چمچہ گرم پانی میں رات سوتے وقت۔

ایک ہفتے بعد:

» درد ختم ہوگیا ہے۔

Scanned by CamScanner

" Sl 14 bd سات روز

" Q Passrflora جاری رکھیں۔

ایک ہفتے بعد:

صحت بہتر ہو رہی ہے۔

علاج روک دیا گیا ہے۔

اس کیس میں ہومیوپیتھی نے vertex میں ہونے والے مستقل درد کو کنٹرول کیا ہے حادثے کی صورت میں۔ راس میں موجود عصب Nerve پر چوٹ آئی تھی۔

اسکے لیے صرف ہاپریکم کو ہی استعمال کیا گیا جس کا اچھا نتیجہ نکلا۔ آرنیکا نے کسی بھی ممکنہ چوٹ کے اثر کو زائل کیا ہے جس میں haematoma شامل ہے۔ ہاپریکم آرنیکا کی متبادل ہے جو عصب کے لئے بہترین دوا ہے۔

Scanned by CamScanner

چہرے کی پرانی خارش

CHRONIC FACE ERUPTION

خاتون، عمر 72 برس، بیوہ، دو بچوں کی ماں۔

سات سال کی عمر سے ان کے چہرے پر خارش شروع ہوئی تھی۔ اس سے پہلے چیچک chickenpox ہو چکی ہے۔ ان کا تمام چہرہ متاثر ہے خاص طور پر ناک کی نوک اور رخسار زیادہ متاثر ہیں۔ جو بہت سرخ ہو رہے ہیں۔ ناک کی نوک پر پھنسیاں بھی ہیں۔ چہرے کی جلد خشک ہے، اسلیئے وہ چہرے کو نم رکھنے کیلئے کریم استعمال کرتی ہیں۔ انھوں نے اپنی جلد کے بہت علاج کروائے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا اس لیے اب جلد پر سوائے کریم کے کوئی اور چیز استعمال نہیں کرتی ہیں۔ ان کی دوسری علامات درج ذیل ہیں۔

ا۔ آنکھیں:

دونوں آنکھوں کے نچلی اندرونی کناروں پر چھوٹی گلٹیا lump ہیں جو 68 برس کی عمر میں ہوئی تھیں۔ جن کا آپریشن کرایا گیا۔ 2 سال تک چہرہ صاف رہا لیکن پھر یہ شکایت ظاہر ہوگئی۔ دوبارہ آپریشن کروایا گیا ایک سال تک کیفیت ٹھیک

Scanned by CamScanner

رہی لیکن تکلیف پھر شروع ہوگئی۔

» الٹے انگوٹھے میں ہلکا درد ہوتا ہے جو آتا ہے جاتا ہے۔

» رات کو دو بار پیشاب کے لیے اٹھتی ہیں۔

» ورم انفیکشن ہوا تھا جو ٹھیک ہو گیا ہے۔

» کتوں اور چھوٹے جانوروں سے ڈرتی ہیں۔

» میٹھا پسند ہے۔

» بائیں کان سے کم سنتی ہیں۔

ذہن:

» مسلسل فکرمند رہتی ہیں حساس ہیں۔ فیملی کے ساتھ رہتی ہیں۔ لیکن اکیلا محسوس کرتی ہیں۔ ہمدردی پسند نہیں کرتی ہیں۔

ظاہری اور معائنہ:

قد لمبا، صحت مند، دل اور نبض نارمل۔ فشار خون 80 / 130 زبان نم، گلا ٹھیک ہے۔

ہسٹری:

ایک سال کی عمر میں خسرہ (Chicken pox) 6 سال کی عمر میں ٹھنڈک سے حساس 35 سال کی عمر تک نزلہ، کھانسی، ٹانسلو، برانکائٹس میں مبتلا رہی ہیں۔ خودکار ویکسین سے برانکائٹس ختم ہوگیا۔

57 سال کی عمر میں Labar pnemonia ہوا۔ دو سال پہلے معدے میں

شدید درد ہوا تھا۔

فیملی ہسٹری:

والد ٹھنڈک سے حساس تھے۔ بڑھاپے میں جوڑوں کے درد میں مبتلا تھے۔ والدہ کو erysipelas ہوا تھا۔

میازم

Psora Syph

Psora acting

نسخہ:

« Variolinum 200 ایک خوراک
« Staphysagaria 30, 200, 1M اگلی صبح
« Sl پندرہ روز تک۔
« Becosule وٹامن بی کمپلیکس، وٹامن سی کے ساتھ ایک کیپسول روزانہ ناشتے کے بعد۔

پندرہ روز بعد:

« دائیں آنکھ کی گلٹی lump ختم ہوگئی۔
« Tuberculinum 200 ایک خوراک
« Psorinum 200 ایک خوراک + Sl7 bd Sl3 سات روز تک۔

پندرہ دن بعد:

نسخہ:

« Tuberculinum 1M ایک خوراک + Sl 13
« Psorinum 1M ایک خوراک + Sl 13 دو ہفتوں کے لیے
« وٹامن ساتھ میں۔

دو ہفتے بعد:

« چہرہ اب بہتر لگ رہا ہے۔ اب پہلے کی طرح خشکی نہیں ہے۔
« ناک کی نوک پر پھنسیا ختم ہو گئیں ہیں۔

نسخہ:

« کلکیر یافاس 12x 4 گولیاں دن میں دو مرتبہ چائے کے چمچ گرم پانی میں سات روز تک۔

ایک ہفتے بعد:

« کوئی بہتری نہیں ہوئی۔
« چہرے کی جلد سرخ ہو رہی ہے۔ سرخی ناک کی نوک اور رخسار پر زیادہ ہے۔ کلاں نما عدسے Magnifying glass سے معائنہ کرنے پر معلوم ہوا کہ جلد کی سطح کے نیچے چھوٹی چھوٹی خارشی دانے موجود ہیں جنھیں Scurry کہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

سیپیا 200,30 1M 3 دن صبح کے وقت۔

» Sl پندرہ روز۔ وٹامن۔

دو ہفتے بعد:

مریضہ نے بتایا کہ چہرے پر کافی حد تک بہتری ہوئی ہے اور کبھی کبھی کریم لگاتی ہیں۔

نسخہ:

» سیپیا 10 M ایک خوراک اگلی صبح
» 5 ہفتوں تک Sl
» سیپیا CM ایک خوراک تین ماہ بعد لینا ہے
» اور ہدایت کی کہ اپنی حالت کے بارے میں بتائیں۔
» اور اگر دوا کے لینے سے اس دوران تکلیف ہو تو اسے برداشت کریں۔ آپ کو اس میں دخل اندازی کی ضرورت نہیں ہے۔ خاموشی سے اسے برداشت کر لیں۔

5 ہفتوں بعد:

» اطلاع ملی کہ اب کوئی زیادتی نہیں ہے۔
» چہرے کی جلد نارمل رنگ پر آ گئی ہے۔

دو ہفتے بعد:

فرانس سے خبر دی کہ phial میں دی گئی سیپیا CM لینے کے دو دن بعد agg ہوا ہے۔ لیکن انھوں نے برداشت کیا۔

Scanned by CamScanner

وہ جیسے ہی فرانس سے واپس آئیں، کلینک پر آئیں۔ان کا چہرہ بالکل نارمل ہو گیا تھا اوراب کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ کبھی چہرے کی خارش میں مبتلا تھیں۔

دائیں آنکھ میں node پھنسی کو Stphsigaria سے کنٹرول کیا گیا۔دوسری تین دوائیں Psorinum Tuberculinm, Variolinum کو تمام ممکنہ رکاوٹیں دور کرنے کیلئے استعمال کیا گیا۔ جو انکی پچھلی ہسٹری میں موجود تھیں۔ اگرچہ Tuber اور Psorinum نے ان کے چہرے کو بہتر کرنے میں کم کردار ادا کیا ہے، لیکن ان ادویات نے علاج کیلئے راستہ بنایا ہے۔ان کے چہرے پر اثر کرنے والی دوا Sepia ہے خارش Scurvy تھی تو Tuberculium اور Psorihun کے استعمال سے واضح ہو گئی تھی۔ان کے چہرے کی سرخی خاص طور پر ناک کی نوک کی علامت خاص علامت ہے جو کینٹ ریپرٹری میں (,361, 365 page 366, 372) پر موجود ہے سیپیا نے انکے ذہنی علامات کو بھی کور کیا ہے۔اسطرح سیپیا نے ان کی بہت پرانی خارش سے نجات دلا دی جو بچپن سے تھی۔ اسطرح زندگی بھر رہنے والی بیماری ہومیوپیتھی سے کنٹرول ہو گئی۔ کیا یہ جادو نہیں ہے۔؟

چھاتیوں کی گلٹی

LUMPS IN BREAST

» خاتون عمر، 42 سال۔

» دونوں چھاتیوں میں lumps موجود ہیں۔ انھوں نے گائنا کولوجسٹ اور ایک سرجن سے رابطہ کیا۔ مشورہ ملا کہ بائیوپسی Biopsy کروائی جائے اور اگر ضروری ہو تو آپریشن بھی کیا جائے۔ ایک اور ہومیوپیتھک معالج نے ایک گولی Chymoral تجویز کی۔

معائنے پر پتہ چلا کہ گلٹی چھاتی کے چوتھائی حصے میں پھیلی ہوئی ہے۔ گلٹی lump کو 4 سے 5 ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔ تھوڑے سخت۔ دبانے پر درد اور چھوٹے اخروٹ کے سائز کے ہیں۔ ہموار نہیں ہیں۔ جگہ سے حرکت کر سکتے ہیں۔ ان کے شوہر اس گلٹی کی وجہ سے بہت فکرمند تھے کہ کہیں کینسر نہ ہو۔ ان کو بتایا گیا کہ عام طور پر کینسر کیسز میں دونوں چھاتیاں ایک ہی وقت میں متاثر نہیں ہوتیں۔ نپل نارمل ہیں۔ یہ صرف fibro-adenomae ہو سکتا ہے جو اندرونی چوٹ کا سبب ہوتا ہے Chymoral کا استعمال جاری رکھا گیا۔

Scanned by CamScanner

ایک ہفتے بعد:

adenomae میں بہت زیادہ تبدیلی نہیں آئی۔ درد کچھ کم ہوا۔

نسخہ:

« Bellis-Pernnis 6x bd پندرہ روز کے لئے۔ مشورہ دیا گیا کہ کسی ماہر سے رابطہ کریں ان کا Constitution Pro cancerous ہے انھیں ایک سال پہلے Carcinosin دیا جا چکا ہے۔ اب پندرہ روز کے لئے کشمیر جا رہی ہیں۔

پندرہ روز بعد:

اب بہتر لگ رہی تھیں۔ دائیں چھاتی میں گلٹی بہت چھوٹی رہ گئی ہے، اگرچہ دبانے پر کچھ درد محسوس ہوتا ہے۔ بائیں چھاتیں میں گلٹی موجود ہے۔ یہ حرکت کر سکتی ہے اور دبانے اور چھونے پر کچھ محسوس نہیں ہوتا۔

نسخہ:

Bellis-Perennis 6x bd سات روز تک۔

ایک ہفتے بعد:

X-ray رپورٹ کے مطابق

Bilateral Mammograms. Nodularity is seen in upper outer quadrants. No evidence to suggest any malignant pathology.

Scanned by CamScanner

« bd Bellis pernnis 6x ایک ہفتے تک۔

ایک ہفتے بعد:

دائیں طرف کی گلٹی ختم ہوگئی ہے جبکہ بائیں طرف کی گلٹی ابھی تک موجود ہے۔

نسخہ:

آج رات۔

- « ایک خوراک 1M Carcinosin
- « چاردن بعد Bellis P.rx پندرہ روز تک
- « Becosule ایک کیپسول روزانہ صبح ناشتے کے بعد۔

پندرہ دن بعد:

بائیں جانب کی گلٹی بھی غائب ہوگئی۔دونوں چھاتیوں کودبانے پرکوئی تکلیف یادرد نہیں ہوا۔

علاج روک دیا گیا۔صرف Becosule کا استعمال پندرہ روز تک کے لیے تجویز کیا گیا۔Bellis کے مسلسل استعمال نے مریضہ کوشفاء دی۔ 1M Carsinocin معاون کے طور پر دی گئی کیونکہ بائیں جانب کے adenoma میں دوا کا اثر دیر سے ہورہا تھا۔ان کے Constitution کے مطابق دوا نے کام کیا اور بائیں چھاتی میں adenoma کو شفا دینے میں مدد کی ہے۔ Bellis کو گہری چوٹوں میں استعمال کرنا بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

بیضہ دانی کی رسولی

OVARIAN CYST

» خاتون، عمر 37 برس۔

بائیں بیضہ دانی ovary میں رسولی Cyst ہے۔ ایکسرے سے یہ ثابت ہوگیا کہ دائیں بیضہ دانی سخت ہے۔ حیض غیر مسلسل، ہمیشہ جلدی ہو جاتے ہیں۔ 5 دن تک رہتے ہیں۔ خون کے چمکدار سرخ اور چھوٹے لوتھڑے آتے ہیں۔ بھاری پن محسوس ہوتا ہے لیکن درد نہیں ہے۔ رحم پھیل گیا۔ آخری حیض دس دن قبل آیا تھا۔ انھیں رسولی کے بارے میں آٹھ ماہ قبل معلوم ہوا اور سرجری کا مشورہ دیا گیا لیکن انھوں نے اسے پسند نہیں کیا۔ ٹیسٹ ٹیوب حمل ہو چکا ہے اور دائیں بیضہ دانی میں سلعہ رہ چکی ہے۔ دائیں بیضہ دانی 5 سال پہلے نکال دی گئی تھی اسکے بعد دو بچے ہوئے۔ بائیں جانب بھاری پن محسوس کرتی ہیں۔ اور جلدی تھک جاتی ہیں۔ بھول جاتی ہیں۔ جذباتی ہیں۔ دوسروں کی ہمدرد ہیں لیکن خود ہمدردی پسند نہیں کرتیں۔ باتونی ہیں۔ والد شوگر کے مریض، والدہ اور نانی دمے کا شکار رہ چکی ہیں۔

Scanned by CamScanner

ظاہری:

رنگ صاف، قد لمبا، صحت مند، نارمل۔

معائنہ:

دل اور نبض نارمل، نبض 80، بلڈ پریشر 120/80 زبان صاف، بائیں بیضہ دانی میں دبانے پر درد نہیں ہوتا۔

میازم :

Syco Syphlitic

Psora in Background

نسخہ:

« لائیکو پوڈیم 1M ایک خوراک۔

« Fraxinus Americana Q 10 قطرے نیم گرم پانی میں رات سوتے وقت

ایک ہفتے بعد:

چھاتیاں پر درد خاص طور پر دائیں چھاتی۔

« برائیونیا 30 3 خوراکیں۔

« Sl II bd سات روز تک

« Fraxinus Americana Q جاری۔

Scanned by CamScanner

ایک ہفتے بعد:

» چھاتی میں درد ختم ہوگیا۔حیض جلدی شروع ہوگئے۔

» پہلے تین دن اخراج بھاری تھا۔

» توجا 30 , 200 ,1M رات سوتے وقت تین دن۔

» Sl پندرہ روز تک۔

» چوتھی رات سے Q F. Americana جاری کردیں۔

» دواؤں کا استعمال حیض کے بعد کریں۔

پندرہ روز بعد:

بائیں بیضہ دانی کا بھاری پن ختم ہوگیا ہے۔

» Sl 14 bd

» Q F. Americana پہلے کی طرح

» چھے روز بعد حیض متوقع ہے۔

ایک ہفتے بعد:

» بہتر محسوس کر رہی ہیں۔

» حیض اب اکیسویں اور چوبیسویں دن کے درمیان آرہا ہے۔

» 4-5 دن ہوتا ہے۔

» چند ماہ قبل گائناکولوجسٹ نے معائنہ کیا۔اور کہا کہ اب کوئی سلعہ محسوس نہیں ہورہا

Scanned by CamScanner

» ہے اس باران کو حیض رک رک کر آ رہا تھا۔ بہاؤ نہیں تھا۔

» گائنا کولوجسٹ سے معائنہ کرانے پر معلوم ہوا کہ سلعہ دوبارہ بن گئی ہے یہ سخت ہے اور ایک انچ تک ہے۔

Viburnum O pulus 5 Q قطرے tid نیم گرم پانی میں دن میں دوبار جب تک بہاؤ نارمل نہ ہوجائے ۔اور حیض ختم نہ ہوجائے۔ سلفر 200 ایک خوراک۔

» Sl 13 bd سات روز تک۔

سات روز بعد:

» موجودہ میازم سفلیلک ہے

» کینٹ ریپرٹری کے مطابق تجزیہ یہ ہے

۱۔ بائیں بیضہ دانی میں سلعہ Lachesis صفحہ 746

۲۔ سخت Lachesis (indurachian) صفحہ 367

۳۔ رُک رُک حیض Lachesis صفحہ 726

۴۔ خارش Lachesis Scanty صفحہ 738

۵۔ باتونی Lachesis صفحہ 63

۶۔ تیزی سے بولتی ہیں Lachesis صفحہ 87

Lachesis ان کی مماثل دوا ہے اور میازم بھی کور کرتی ہے۔

Lachesis 1M تین خوراکیں ہر ایک میں دو گلوبیولز ہر تین گھنٹے پر صرف پہلے دن۔

Scanned by CamScanner

» Sl پندرہ روز تک۔

پندرہ روز بعد:

حیض آیا ہے یعنی 27 ویں دن جو نارمل ہے۔اب بہت اچھا محسوس کر رہی ہیں۔

» Slپندرہ روز تک۔

پندرہ دن بعد:

حیض 10 تاریخ کو متوقع تھا لیکن نہیں ہوا۔انھوں نے اپنی پریشانی بتائی۔

» 200 Nat mur

» Sls

» 200 Kali-C

» bd Sl s 6روز تک

ایک ہفتے بعد:

» حیض نہیں ہے۔

» گائناکولوجسٹ سے رابطے کا مشورہ دیا گیا۔

» کوئی دوا نہیں دی گئی۔

ایک ہفتے بعد:

گائناکولوجسٹ نے تصدیق کر دی کہ حمل ہے۔لیکن انھوں نے بتایا کہ روزانہ تھوڑا سا چمکدار خون کا اخراج ہوتا ہے۔عام طور پر ایسا اس وقت ہوتا ہے۔جب جنین رحم کی

Scanned by CamScanner

آدھے حصے میں ہو۔ Placenta Praeva کا کیس متوقع ہے۔اس مرحلے پر ہومیوپیتھی ان کی کوئی مدد نہیں کرسکتی ہے۔

ایک ہفتے بعد:

انھوں نے بتایا کہ بچے کی جنس معلوم ہوگئی ہے وہ لڑکا ہے۔الٹراساونڈ سے معائنے کے بعد گائناکولوجسٹ نے یہ قبول کیا کہ یہ Placenta Pravera کا کیس ہے لیکن وہ اپنی دوائیں مزید استعمال کروانا چاہتی تھی جو بچے اور ماں دونوں کیلئے خطرہ بن سکتی ہیں۔مریضہ میں خون کی کمی ہوگئی ہے اور وہ بہت مشکل سے حرکت کرپارہی ہے۔ان کو Placenta Praevic کے خطرات سے آگاہ کیا گیا اور اگر مزید ادویہ کا استعمال کیا گیا تو یہ بچے اور ماں دونوں کیلئے خطرہ ہے یہاں تک کہ اسقاطِ حمل بھی خطرے سے خالی نہیں ہے۔اسلیئے گائناکولوجسٹ کوموقع کی نزاکت کا احساس دلایا گیا۔

تین ماہ بعد معلوم ہوا کہ دو ماہ قبل SucHon کے طریقہ سے اسقاط حمل کردیا گیا ہے۔وہ کافی عرصے تک بستر پر رہیں اب وہ ٹھیک ہیں۔خدا کا شکر ہے کہ مریضہ نے حمل کے دوران خطرناک حالات سے نجات پالی۔

اس کیس میں بائیں بیضہ دانی کی سلعہ Cyst کا علاج شروع کیا گیا تھا اور آخر میں حمل Placenta Praevia اور اسقاط حمل پر ختم ہوا۔

کیس کے شروع میں لائیکوپوڈیم استعمال کی گئی تھی۔ Faxinus Americana رحم کو صحیح شکل میں لانے کے لئے تجویز کی گئی تھی۔شروع میں سائیکوٹک میازم زیادہ ظاہر تھا اور تھوجا نے اچھا اثر کیا۔

یہ صرف سلفر کے بعد ہی ہوا کہ سفلیٹک میازم سامنے آیا اور اسطرح Lachesis ان کی مماثل دوا بن سکی۔ یہ دوا ان کیلئے بہت مددگار ثابت ہوئی۔ اس سے ان کی صحت واپس آگئی اور حمل بھی ٹھیک چلنے لگا۔ بائیں جانب کی بیضہ دانی کی سلعہ حمل کے عمل میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈال رہی تھی۔

درحقیقت یہ کیس Placeta Praevia کا ہے۔ Placenta Praevia ہمیشہ ماں اور بچے دونوں کے لئے خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ خون آنول Placenta کے الگ ہونے کی وجہ سے آتا ہے۔ placenta، lower Uterine segment میں جڑا ہوتا ہے۔ اندام نہانی میں چمکدار خون کے ساتھ درد نہیں تھا۔ خون بار بار آرہا تھا۔ شکم میں کوئی درد نہیں تھا۔

مریضہ آہستہ آہستہ خون کی کمی کا شکار ہو رہی تھی اس لیے بغیر وقت ضائع کیے اسقاط حمل بہت ضروری تھا۔ جب کہ الٹرا ساونڈ کے ذریعے placenta Praevia ثابت ہو گیا تھا۔ Placenta Proevia کے کیسز دیر سے ہونے والے حمل میں ہوتے ہیں۔

معدے میں خون کا رساؤ

STOMACH HAEMORRHAGE

63 سالہ خاتون، پیدائشی دل کی بیماری میں مبتلا ہیں۔
ایک مشہور ہسپتال میں نرسنگ کی سہولت کے ساتھ داخل ہیں۔ وہاں انھیں مسلسل خون کا اخراج ہو رہا تھا دو دن پہلے رات ساڑھے بارہ بجے سے خون کا بہنا شروع ہوا۔ لیکن ابھی تک یہ معلوم نہیں کیا گیا تھا کہ یہ خون رحم سے بہہ رہا ہے یا معدے سے بہہ رہا ہے مریضہ کو مسلسل خون کی بوتلیں چڑھائی جارہی تھیں۔ ابھی تک خون مسلسل بہہ رہا تھا۔ کیس بہت سنجیدہ ہے۔ اور اس کے کے لئے فوری فیصلہ کرنا ہے۔

Virnnca Minor کو منتخب کیا گیا کیونکہ خون بہت بہہ رہا تھا۔ جسم میں بہت زیادہ کمزوری محسوس ہو رہی ہے ایسا لگتا ہے جیسے مریض مرنے والا ہے۔ معدہ چھونے سے بہت حساس ہے۔ یہ رحم سے ہونے والے خون کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے کیلئے مفید دوا ہے۔ لیکن اس کا کنٹرول عضلاتی خون، خون کی نالیوں کے بہاؤ پر بھی ہوتا ہے یہ 3 پوٹینسی میں 14 خوراکیں۔ ہر گھنٹے پر دی گئیں۔

» بہتر ہے۔ رات کو کوئی اخراج نہیں ہوا

Scanned by CamScanner

» خون کا اخراج صبح دوبارہ ہوا۔

» اخراج گہرا لال ہے اور مریض مسلسل کمزور ہو رہا ہے۔

» چائنا، 6 سات خوراکیں اور Hamamelis 6 سات خوراکیں متبادل ہر دو گھنٹے پر۔ Sanotogen ایک ملک پراڈکٹ ہے جس میں Vit B Complex، فولک ایسڈ اور glycerophosphate شامل ہیں جو جسم میں براہ راست جذب ہو جاتے ہیں جس سے جسم کو طاقت ملتی ہے ایک چائے کے چمچے کے برابر دن میں چار مرتبہ۔

ایک دن بعد:

» خون کے بہاؤ میں کمی ہے اور اخراج مسلسل کم ہو رہا ہے مریضہ بہتر محسوس کر رہی ہیں۔ اب خون کا رنگ brownish black ہو گیا ہے۔ درد نہیں ہے۔

» Hamamelis 6 سات خوراکیں۔

» China 6 چار خوراکیں۔

» Bryonia 6 تین خوراکیں۔

» ایک بار ہیما ملیس چائنا اور

» ایک بار ہیما ملیس برائیونیا ہر 2 گھنٹے پر آخر میں China کے ساتھ لینا ہے۔

دو دن بعد:

» اخراج کی رفتار اب بہت حد تک کنٹرول ہو گئی ہے۔

» خون کی بوتل اب نہیں چڑھائی جا رہی ہے لیکن drip چڑھائی جا رہی ہے۔

Scanned by CamScanner

- کوئی معائنہ نہیں ہوا ہے۔
- کل رات ایک بار اخراج ہوا تھا۔
- اور دو پہر ڈیڑھ بجے تک دو مزید اخراج ہو گئے تھے لیکن اخراج کی مقدار بہت کم تھی۔ اب رنگ چمکدار سرخ ہے۔ ڈاکٹر نے مندرجہ ذیل دوائیں تجویز کیں۔

Chloromycetin-Bactrim, Inj. Lasix, Inj. Calmpose. ہدایت کی گئی کہ Chloromcetin اور Bactrim نہ لیں کیونکہ یہ خون پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اور مریضہ کی موجودہ صورت حال میں یہ غیر ضروری ہیں۔ لیکن Inj. Calmpose اور Inj. Lasix پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جیسا کہ خونی اخراج اب تک نہیں رکا تھا۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ بنیادی وجہ ابھی تک معلوم نہیں ہو سکی ہے۔
یاد رہے کہ مریضہ پیدائشی دل کی مریضہ ہیں اور ساتھ میں دل کی دوائیں بھی استعمال کرتی ہیں جن میں Dispris کافی عرصے سے استعمال کر رہی ہیں۔ اسطرح یہ خیال ہوتا ہے کہ ان ادویات کے استعمال کی وجہ سے معدے کی اندرونی سطح سے خون کا اخراج ہو رہا ہے۔ جیسا کہ بہنے والا خون چمکدار سرخ تھا، اس لیئے Arnica اور I Pecac کو منتخب کیا گیا۔

- آرنیکا anti-asprin اور anti-haemorrhage ہے اور معدے کی اندرونی سطح پر خاص اثر کرتی ہے آرنیکا کی 30 پوٹینسی I Pecac کی 200 پوٹینسی ہر ایک کی پانچ خوراکیں تبادل ہر دو گھنٹے پر۔
- Sanatage کی خوراک ایک چمچ سے دو چمچ کر دیں۔

Scanned by CamScanner

دودن بعد:

اب کوئی haemorrhage نہیں ہے۔کیا حیران کن نتیجہ ہے! اب ہر دوا کی چار خوراکیں ہر چار گھنٹے پر۔اسکے علاوہ Echinacea Q (اندرونی) کیلنڈولا Q بطور 1:2، پانچ قطرے 1/2 کپ پانی میں ہر چار گھنٹے پر لیکن دن میں صرف 3 مرتبہ۔

5ml کا مکسچر دیا گیا تا کہ معدے میں زخموں کو بھر سکے۔مزید Ferrphos 3x 4 گولیاں ایک خوراک میں دن میں 3 مرتبہ تا کہ مریضہ کی خون کی کمی کو دور کیا جا سکے۔ ہدایت کی گئی کہ مریضہ کو ہسپتال سے چھٹی دلا دی جائے۔

اگلے روز :

« کوئی haemorrhage نہیں ہے۔
« ہسپتال سے چھٹی کر دی گئی تھی۔
« ہاسپٹل کی ڈسچارج شیٹ دیکھی تو وہاں تشخیص کا کوئی نشان نہ تھا۔معائنہ کا تمام ڈیٹا نارمل تھا۔جوادویہ تجویز کی گئی تھی ان کا ذکر دودن پہلے اوپر کر دیا گیا ہے۔
« I Pacac 200 4 خوراکیں اور آرنیکا 30 3 خوراکیں ہر چار گھنٹے پر۔
« Echeae - Calendula mixture استعمال کریں۔

اگلے روز :

« haemorrhage نہیں ہے۔

Scanned by CamScanner

» کل 1/2 گولی Lasix دی گئی۔

» آج صبح ہلکا سا بخار °99 تھا۔

» بار بار تھوڑی مقدار میں پیشاب آ رہا ہے کبھی کبھی غیر ارادی بھی آتا ہے۔

» کھانے کے بعد pot klov دو کھانے کے چمچے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

» کاسیکم 30- 3 خوراکیں ایک آج شام اور اگلے روز دوبارہ لیں۔

» مریضہ کی ہسٹری میں تین سال پہلے دائیں طرف کا فالج ہو چکا ہے۔

دو دن بعد:

دوسرے دن درجۂ حرارت نارمل ہو گیا۔ اور اب مریضہ haemerhage سے مسلسل نجات پا رہی تھی۔

» اب صبح میں وہ اجابت کر رہی تھیں۔ لیکن اس کا رنگ کالا تھا اور جب اس پر پانی ڈالا جاتا تو یہ کالا سرخ بن جاتا۔

» فیملی فزیشن نے دو تین دوائیں تجویز کی ہیں۔ جن میں Chlorostrep بھی شامل رہے۔ اجابت آنا ایک اچھی بات ہے۔ بڑی آنت حرکت میں آ رہی تھی۔

اور اجابت میں جو کچھ آ رہا تھا وہ کچھ اور نہیں تھا بلکہ اب بڑی آنت میں موجود Hamorrohage باہر نکل رہے تھے ذہنی پریشانی کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

» Hamamelis 6 سات خوراکیں ہر گھنٹے پر اجابت کی رنگت کو بہتر کرنے کے لئے ایلو پیتھک ادویہ کا استعمال نہ کریں۔

Scanned by CamScanner

تین دن بعد:

مریضہ اب ہر صبح پیلے رنگ کی اجابت کر رہی تھی اور آہستہ آہستہ نارمل ہو رہی تھی۔
مریضہ کا ہموگلوبن 10:5 ہے لیکن ان کے بھائی سے معلوم ہوا کہ وہ سانس لینے میں دشواری محسوس کر رہی ہیں۔
جو انھوں نے پہلے کبھی نہیں بتایا تھا۔
China 200 تجویز کی گئی ہدایت دی گئی کہ ہارٹ انسٹیٹیوٹ سے مشورہ لے لیں۔

تین دن بعد:

اطلاع ملی کہ وہ ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے نرسنگ ہوم سے چھٹی لے گئی ہیں۔

تین دن بعد:

مریضہ کی سانس بہتر ہے۔
معدے میں موجود Haemorrhage 7 کی وجہ سے ایک مریض کی جان خطرے میں پڑی ہوئی تھی مریض کو ایک بہت اچھے ہسپتال میں داخل کیا گیا اور ساتھ میں نرسنگ سروس بھی دی گئی ۔ مریض کی حالت کے مطابق اسکے فوری طبی امداد کی ضرورت تھی۔ بجائے اسکے کہ اسے خون کی بوتلیں یا drip چڑھائی جاتی ۔جس سے مریض زندہ نہیں رہ سکتا تھا لیکن یہ صرف ہومیوپیتھی ہی ہے جس نے اس haemorrhage کو کنٹرول کیا ۔شروع میں استعمال کی جانے والی ادویات نے haemorrhage کو کنٹرول تو کیا لیکن بند نہ کر سکیں۔ haemorrhage کی اصل

Scanned by CamScanner

وجہ کو تلاش کرنا تھا اور وہ تھی disprin کا لمبی مدت تک مسلسل استعمال جس نے معدے کی اندرونی سطح کو تباہ کردیا آرنیکا اور اپی کاک نے کیس کو شفاء دی۔

Scanned by CamScanner

اعصابی نظام کی خرابی اورنزلہ وزکام

CEREBRO-SPINAL DISCORD

WITH CHRONIC COLD

لڑکا، عمر 16 سال:

(maxillary) Sinusits

اعصابی نظام کی خرابی اورپُرانا نزلہ زکام:

» بائیں طرف زیادہ متاثر ہوا ہے۔

آنکھ:

» آنکھ بائیں اوپری lid میں تناؤ ہے بائیں آنکھ دائیں سے چھوٹی نظر آتی ہے

ناک:

» ناک کافی عرصے سے بند ہے۔

Scanned by CamScanner

- روزانہ Otrivia استعمال کرتا ہے۔
- سردی آتے ہی تکلیف شروع ہو جاتی ہے
- اکتوبر سے نومبر اور مارچ تک جاری رہتا ہے۔
- دو سال کی عمر میں گرنے کی وجہ سے ناک کی جڑ حاجز پر (Septum) کی بائیں جانب چوٹ آئی تھی۔اسی وجہ سے حاجز تھوڑی سی دائیں جانب کو مڑ گئی ہے جسکی وجہ سے دائیں ناک بند ہو جاتی ہے۔
- 14 سال کی عمر میں بڑھی ہوئی Septum کو آپریشن سے ٹھیک کیا گیا تھا لیکن اس کے باوجود ناک بند ہوتی ہے۔
- نزلہ اور کھانسی سے حساس ہے۔
- اکثر سب سے پہلے گلا خراب ہوتا ہے اسکے بعد نزلہ کھانسی بخار اور ٹانسلز بھی ہوتے ہیں۔دائیں Scapula کے اوپر بازو پر ایک نرم سا دھبا ہے۔یہ دھبا دائیں جانب سر گھمانے درد کرتا ہے اور بائیں جانب سر گھمانے سے درد نہیں ہوتا ہے۔

کان:

سردیوں میں رات نو بجے کان سرخ اور گرم ہو جاتے ہیں

- goitre ہو چکا ہے۔
- بائیں آنکھ میں پھڑک ہوتی ہے۔
- جلدی تھک جاتا ہے۔کھیل کود میں حصہ نہیں لے سکتا۔

Scanned by CamScanner

ذہن:

» حساس، جذباتی، روتا ہے۔ ساتھ پسند کرتا ہے۔ اور ہمدردی پسند کرتا ہے۔

فیملی ہسٹری:

والد نزلہ زکام، کھانسی سے حساس ہیں۔
دسمبر جنوری میں تکلیف ہوتی ہے۔ معدے کی تکلیف، آنتوں میں تکلیف اور دل کی تکالیف ہیں۔

ظاہری:

سانولا رنگ قد لمبا، دبلا لیکن ہڈیاں اچھی طرح بنی ہوئی ہیں۔ لمبا چہرہ،، سینے اور پھیپھڑے صاف ہیں۔ بلڈ پریشر 110/70 نبض 68 زبان پر ہلکی سی تہہ ہے۔

میازم:

سورا، سفلیٹک۔

نسخہ:

صبح کے وقت سلفر 200 اور شام کو Nux vom 30 اور اگلے دن لائیکوپوڈیم 3,30 خوراکیں۔

Nux vom 3 خوراکیں صبح و شام 3 دن تک۔

Scanned by CamScanner

چار دن بعد:

» بہتری ہوئی ہے Otrivin کی ضرورت نہیں پڑی۔
» بہتر نظر آ رہا ہے اور سکون سے ہے۔
» بائیں آنکھ بالکل نارمل ہے۔
» Sl 6 + سلیشیا 30 3 خوراکیں +Sl 5 bd سات روز

ایک ہفتے بعد:

» بدستور بہتری ہو رہی ہے۔
» ٹیوبرکولینم 200
» Sl 13 bd سات روز۔

ایک ہفتے بعد:

» ناک کا بند ہونا اب صرف بائیں ناک تک ہے۔
» Spigila 6 3 خوراکیں۔
» Sl 11 bd سات روز تک۔

ایک ہفتے بعد:

بہتری ہے لیکن اب (Viral Fever) وائرسی بخار میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

» بیلاڈونا 30 سات خوراکیں۔+ آرسینک 30 سات خوراکیں روزانہ خوراکیں۔ 2+2+3+3+4

ایک ہفتے بعد:

» تیسرے دن بخار ختم ہو گیا۔
» بائیں ناک بند ہے۔
» یہاں پر ایک خدشہ یہ ہے کہ ناک میں اوپر کی جانب کوئی ایسی چیز ہے جو راستہ بند کر رہی ہے۔ شاید یہ Polypus یا Polypi اور کوئی اور بلاکنگ ایجنٹ ہو سکتا ہے۔
E.N.T اسپیشلسٹ سے مشورہ کرنے کی ہدایت کی گئی اور ساتھ میں لائیکو پوڈیم 30 3 خوراکیں Nux Von 30 دو خوراکیں Sl s bd پانچ روز تک۔

پانچ روز بعد:

اگر چہ ناک کی رکاوٹ میں کمی ہے لیکن ابھی پوری طرح نہیں ہوئی ہے E.N.T اسپیشلسٹ کے مطابق ناک میں کوئی polypus. یا کوئی اور چیز نہیں ہے۔
Tuberculinum 1M + Sl7 + کلکیریا کارب 30 3 خوراکیں
+ Sl4 15 دن ایک دفعہ صبح کے وقت۔

دو ہفتوں کے بعد:

» اب کوئی نزلہ زکام نہیں ہے
» بائیں ناک بہت تھوڑی سی کھلی ہوئی ہے۔ ٹیوبرکولینم 1M 3 خوراکیں دو گولیاں ہر تین گھنٹے بعد پہلے دن +
» Sl 12 bd سات روز۔

» Thuja لوشن 1:6 (D. water)رات اور صبح کو ناک سے کھینچتا ہے۔

ایک ہفتے بعد:

بائیں ناک کی کاوٹ میں بڑی حد تک کمی ہے۔اب وہ آسانی سے سانس لے سکتا ہے کبھی کبھی ناک بند محسوس ہوتی ہے۔

تھوجا لوشن ایک بار پھر استعمال کرنا ہے مناسب مقدار پندرہ روز کیلئے دیا گیا۔

تین ماہ بعد:

اب بائیں ناک بند نہیں ہے۔اور کبھی کبھی دائیں ناک بند ہوتی ہے جب کبھی سردی ہوتی ہے انھوں نے کوئی اور دوا نہیں لی بلکہ نزلہ زکام خود بخود ایک دو دن میں ٹھیک ہو گیا لیکن اب کچھ نئی علامات ابھر آئی ہیں وہ یہ ہیں۔

» ایک ماہ قبل اچانک بائیں آنکھ کی نظر دھندلا گئی تھی۔ کچھ دن بعد سماعت بھی کمزور ہونے لگی۔

اور تین چار دن بعد جسم کے بائیں جانب حساسیت میں کمی محسوس ہونے لگیں لیکن اب بائیں جانب کی حساسیت ٹھیک ہو گئی ہے اور نظر ابھی تک دھندلاتی ہے ساتھ میں کان کی سماعت بھی کمزور ہو گئی۔

» حساسیت کی کمی اب بائیں جانب سے دائیں جانب منتقل ہو گئی ہے اگرچہ صرف دائیں ہاتھ تک محدود ہے۔انگلیاں بھی شامل ہیں۔اسکی انگلیوں میں حساسیت کی کمی کی وجہ سے لکھنے میں مشکل ہو رہی ہے۔اس کے ہاتھ کے لکھے ہوئے الفاظ پہلے لکھے ہوئے الفاظ سے مختلف ہیں اسی طرح ہاتھ سے کھانا کھانے میں بھی دقت ہو رہی

Scanned by CamScanner

ہے۔

ماہرین کی رائے کے مطابق کچھ کا خیال تھا کہ یہ عضلات کی کمزور ہونے کی نشانی ہے کچھ کہتے ہیں کہ یہ Thalamus کے عمل میں خرابی کی وجہ سے ہو رہا ہے اگر Thalamus خراب ہے تو جسم کے تمام حصوں کی حرکت متاثر ہوتی ہے جبکہ یہاں صرف ہاتھ متاثر ہوا ہے۔

اسکے علاوہ دوسری وجہ Circulation System اعصابی نظام خاص طور پر Spinal cord کے ذریعے پیغام Cerebral cortex تک پہنچانے میں فرق ساتھ میں branchial, Cervical اور دوسرے plexuses شامل ہو سکتے ہیں۔

ہاتھ اور ٹانگوں کی کمزوری اور دائیں گردن کے پاس spot میں دائیں طرف سر گھمانے پر درد ہونا اس بات کو تقویت دیتا ہے جبکہ مریض بہت ذہنی پریشانی میں مبتلا ہے اور ساتھ میں نظر کمزور ہے۔

نسخہ:

» ایکونائٹ 200 3 خوراکیں۔

» Sl2+ پلساٹیلا 200 +Sl 2 bd پانچ روز تک۔

پانچ روز بعد:

» اب اسے لکھنے اور دیکھنے میں بہتری ہوئی ہے۔ 4 Five phos 6x گولیاں صبح شام ایک کپ گرم پانی میں حل کر کے سات دن تک استعمال کریں۔

Scanned by CamScanner

ایک ہفتے بعد:

» نظر میں دھندلا پن مزید دور ہو گیا ہے۔
» لکھنے میں مزید بہتری نہیں ہوئی ہے۔
» پلسا ٹیلا 1M ایک خوراک اور 13 bd Sl سات روز تک۔
» مریض کی تکالیف ایک طرف ہیں اور اسکی ذہنی علامات اس انتخاب کی بنیادی وجہ ہیں۔ جبکہ بائیں آنکھ میں نظر کی کمزوری ایک زائد factor ہے۔

پندرہ دن بعد:

دونوں ہاتھوں کی لکھائی اور دائیں آنکھ کی نظر نارمل ہے 6x Five phase پہلے کی طرح پندرہ دن تک۔

سات ماہ بعد ماں سے معلوم ہوا کہ وہ کافی عرصہ ٹھیک رہا۔ لیکن پڑھائی کے بوجھ اور امتحانات کی پریشانی کی وجہ سے اس کی بائیں آنکھ کی نظر میں کمی ہو رہی ہے اور دائیں ہاتھ میں کمزوری محسوس ہو رہی ہے اور ساتھ میں دائیں ٹانگ میں بھی کمزوری محسوس ہو رہی ہے۔

اس کو عادت ہے کہ وہ زمین پر آلتی پالتی مار کر بیٹھتا ہے جسکی وجہ سے اسکے Circulation میں رکاوٹ بنتی ہے۔ کرسی اور میز استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی۔

نسخہ:

آرنیکا 200 ایک خوراک+ ایکونائٹ 200 3 خوراکیں $+Sl_2+$ Puls 200

Scanned by CamScanner

3 خوراکیں + Sl9+ لائیکو 200 bd Sl7 12روز تک۔

اس کے ساتھ مناسب مقدار 6x Fivephose نیم گرم پانی میں امتحان سے پہلے اور بعد میں استعمال کریں۔

چار ہفتے بعد:

امتحانات ختم ہو گئے بچے کی نظر اور لکھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئی ۔لیکن اب اسے دائیں جانب کے جسم میں کمزوری اور چلنے کے دوران ناہمواری Unsteady محسوس ہو رہی ہے۔

نسخہ:

سلفر 200 ایک خوراک Sl5 کلکیریا کارب 200

لائیکو 200 + bd Sl5 + Sl دو ہفتے تک۔

دو ہفتے بعد:

» کچھ بہتر ہے لیکن چلنے کے دوران لڑکھڑانے لگتا ہے اور جب انگلیوں سے کوئی کام رہا ہو تو اچھا محسوس نہیں کرتا ہے اب Cerebro Spinal axis کی کمزوری سامنے آرہی ہے۔

» کاسٹیکم 30 3 خوراکیں۔

» bd Sl 11 سات روز تک۔

Scanned by CamScanner

سات روز بعد

- » چلنے کے دوران لڑکھڑانے میں کمی ہوئی ہے۔
- » اب انگلیوں میں بھی بے چینی نہیں ہے۔
- » 14 bd Sl سات روز۔

ایک ہفتے بعد:

- » کوئی فرق نہیں پڑا
- » کاسیکم 200 ایک خوراک + Slاور five phose 6x پندرہ دن تک۔

دو ہفتے بعد:

اس کی تمام علامات ختم ہو گئی ہیں۔

- » علاج بند کر دیا گیا۔

دو ماہ بعد:

ٹیلی فون پر اس کی والدہ سے معلوم ہوا کہ وہ اب ٹھیک ہے اور کالج پڑھنے جاتا ہے میں اس کیس سے کبھی بھی مطمئن نہیں ہوا جس میں مریض کی علامتوں کی بنیاد پر موجودہ ضروریات کو پورا کرے۔ یہ کیس 10 ماہ تک چلا۔ اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے مرحلے میں مریض کی ناک کی تکلیف دور کی گئی جس میں بائیں جانب کی ناک کی رکاوٹ کو Tuberculinum کلکیر یا کارب، Thuja اور Tuecrium لوشن جس نے ناک کے Polypus کو ختم کیا۔

دوسرا مرحلہ اس وقت شروع ہوا جب مریض سفر سے واپس آیا۔

Cerebro spinal axis میں کمزوری آ گئی کاسیکم نے اس میں بہت اچھا اثر دکھایا۔اس نے تین خاص علامات کو کور کیا تھا۔

دماغ اور اعصابی نظام کے عمل میں ربط پیدا کیا۔

چلنے کے دوران لڑکھڑانے کو بھی کافی حد تک ختم کیا ہے انگلیوں سے کوئی کام لینے سے تکلیف میں اضافے کو قابو کیا۔

مریض اس دوا سے مکمل طور پر صحت یاب ہو گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

ہومیو ویب ڈاٹ نیٹ

پاکستان کی پہلی اور سب سے بڑی ہومیوویب سائٹ

1999ء سے مسلسل خدمات جاری ہیں

www.homeoweb.net

ڈاکٹرز ڈائریکٹری، کالج ڈائریکٹری، فری ای کلینک،

فری ایمیل سروس، فری ایمیل گروپ سروس،

جدید ہومیو سافٹ ویئر، **کارا** اور **راڈار** دستیاب ہیں۔

ہومیوپیتھی اور کمپیوٹر پر لکھی جانے والی پہلی کتاب

جلد شائع ہونے والی ہے۔

مزید معلومات

Mobile: 0300-2215023

Email: rashidabid@yahoo.com

Scanned by CamScanner